روحانی
ماہنامہ

تحفہ روحانیات

ستمبر ۲۰۱۱ء

سید عابد حسین شاہ

نوافل شوال المکرم

سرور کائنات فرماتے ہیں کہ شوال المکرم بڑی عظمت و بزرگی والا مہینہ ہے اور اس ماہ کی عبادت کا ثواب بہت ہے۔

نفل نماز

پہلی شب ماہ شوال بعد نماز عشاء چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص اکیس اکیس مرتبہ پڑھنی ہے انشاء اللہ تعالیٰ اس نماز کے پڑھنے والے کے لئے اللہ پاک جنت کے دروازے کھول دے گا اور دوزخ کے دروازے بند کردے گا۔

شوال کی پہلی شب بعد نماز عشاء چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھیں ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص تین تین دفعہ سورہ ناس تین دفعہ پڑھے بعد سلام کے کلمہ تمجید ستر مرتبہ پڑھ کر اپنے گناہوں سے توبہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف فرما کر اس کی توبہ قبول فرمائے گا۔

عیدالفطر

شوال کی پہلی تاریخ بعد نماز ظہر آٹھ رکعت نماز چار سلام سے پڑھے ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص پچیس پچیس مرتبہ پڑھنی ہے بعد سلام کے ستر مرتبہ **سبحان اللہ** ستر مرتبہ استغفار اور ستر مرتبہ درود شریف پڑھنا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ انشاء اللہ العظیم اس نماز کے پڑھنے والے کی اللہ پاک ستر حاجت دنیا کی اور ستر حاجت آخرت کی قبول فرمائے گا اور اس کے بے شمار دروازے اپنی رحمت کے کھول دے گا۔

نفل روزہ

ماہ شوال المکرم کی دوسری تاریخ سے چھ روزے رکھنے کی بڑی [illegible]ت ہے فرمایا رسول اقدسؐ نے جو رکھے چھ روزہ شوال کے تو دے گا پاک اسے ثواب ہزار روزے کا اور کرے گا اس پر آگ دوزخ کو [illegible]رام اور اس کے نامہ اعمال میں بے شمار نیکیوں کا ثواب عطا کرے گا خواہ یہ روزے برابر رکھے یا دوسری کا رکھ کر چھوڑ دیں مگر اسی ماہ تمام روزے رکھ کر پورے کرنے ہوگے۔

حمد باری تعالیٰ

حمد سب زیبا ہے تجھ کو بالیقین
تو کہ ہے لا ریب رب العالمین
اے خدائے پاک رحمان و رحیم
صاحب جود و عطارت کریم
مالک روز جزا رب جہاں
بخشنے والا نہایت مہرباں
سب کو لازم ہے تیری ہی بندگی
تو نے موجودات کو دی زندگی
اے خدا وند و مددگار و معین
وارث کل **اَنتَ خَیرُ الوَارِثِین**
ہم کو دکھلا دے اے خدائے ذوسرا
جو کہ ہے تیری طرف راہ ھدیٰ
راہ اُن لوگوں کی اے بار الٰہ
جن پر تیرا لطف ہے صبح و مسا
جو ہیں صدیقؓ و شہیدانؓ وفا
انبیاءؑ و صالحینؒ و اولیاءؒ
اور نہ انکی راہ جو ہیں بے ادب
آصف خستہ پہ ہو لطف عمیم
بہر محبوب تو اے رب رحیم (آمین)

(آصف صابری)

مندرجہ بالا حمد جو کہ سورۃ فاتحہ کا منظوم ترجمہ ہے جو کہ مولائی مرشدی حکیم وزیر الدین آصف صابری صاحب کی تصنیف "خمستان" سے ماخوذ ہے۔ (خادم الفقراء صوفی مشتاق احمد چشتی صابری، لاہور)

تعبیر الرؤیا

تحریر: محمد نبیل مزمل

خوابوں سے متعلق احادیث

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا، اچھے خواب اللہ کی طرف سے ہوتے ہیں اور برے خواب شیطان کی طرف سے ہوتے ہیں جب تم میں سے کوئی ناپسند چیز کو دیکھے تو اپنی بائیں جانب تین مرتبہ تھوک دے اور اس کے شر سے اللہ کی پناہ مانگے کیونکہ (ایسا کرنے سے) وہ خواب اسے کوئی نقصان نہ پہنچائے گا۔ حضرت ابوسلمہ رحمتہ اللہ علیہ نے کہا: جب سے میں نے یہ حدیث سنی ہے میں ایسے خواب بھی دیکھتا جو مجھ پر پہاڑ سے بھی زیادہ وزنی ہوتے لیکن میں ان کی پرواہ نہ کرتا تھا۔

(نوٹ:۔ واضح رہے کہ کچھ خواب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتے ہیں جبکہ کچھ شیطانی وساوس کی بناء پر ہوتے ہیں، عموماً شیاطین خواب میں برے حالات دکھاتے ہیں۔ ایسے خوابوں کے متعلق حدیث میں تعلیم دی گئی ہے کہ بیدار ہونے کے بعد **اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم** پڑھے)۔

(صحیح مسلم، کتاب الرؤیاء، ص520)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب زمانہ (قیامت) قریب آجائے گا تو قریب قریب مسلمان کا خواب جھوٹا نہ ہوگا اور تم میں سے جو بات میں سچا ہوگا اس کا خواب بھی سچا ہوگا اور مسلمان کا خواب نبوت کے اجزاء میں سے پینتالیسواں حصہ ہے اور خواب کی تین اقسام ہیں۔ نیک خواب اللہ کی طرف سے بشارت ہیں اور غمگین کرنے والے خواب شیطان کی طرف سے ہیں اور تیسری قسم کے خواب انسان کے اپنے دل کے خیالات ہوتے ہیں۔ پس اگر تم میں سے کوئی ایسا خواب دیکھے جو اسے ناگوار ہو تو چاہئے کہ کھڑا ہو جائے اور نماز پڑھے اور ایسا خواب لوگوں کو بیان نہ کرے۔ راوی نے کہا: میں بیڑیاں خواب میں پسند کرتا ہوں اور طوق دیکھنے کو ناوار سمجھتا ہوں اور بیڑیاں دین میں ثابت قدمی ہے اور میں نہیں جانتا کہ یہ (تاویل خواب) حدیث ہے یا ابن سیرین رضی اللہ عنہ کا اپنا قول۔

فائدہ: مومن کے خواب کو نبوت کا 45واں جز اور بعض روایات میں 46واں جز قرار دیا گیا ہے۔ اس کے کیا معانی ہیں؟ علماء نے فرمایا کہ اس کے معانی یہ ہیں کہ نبوت متعدد مضامین و معانی پر مشتمل ہوتی ہے۔ ان میں سے ایک یہ ہے کہ نبوت اور نبی کے ذریعہ مستقبل میں رونما ہونے والے بعض امور کی اطلاع نبی کو بذریعہ وحی دیدی جاتی ہے اور مومن جو سچے خواب دیکھتا ہے وہ بعض اوقات اسی جزء نبوت کو شامل ہوتے ہیں، یعنی ان کے ذریعہ بعض امور متوقعہ کی اطلاع ہو جاتی ہے لیکن اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ سچے خواب دیکھنے والے کو نبی کہا جاسکے جیسا کہ دورِ حاضر میں بعض گمراہ قادیانیوں نے اس سے فائدہ اٹھانے کی ناپاک جسارت کی ہے۔ اس لئے کہ نبوت اپنے تمام اجزاء و انواع اور صورتوں کے ساتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر منقطع ہو چکی ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے مجھے خواب میں دیکھا اس نے مجھے ہی دیکھا کیونکہ شیطان میری صورت نہیں اختیار کرسکتا۔

(صحیح مسلم، کتاب الرؤیاء، ص524)

فائدہ: دنیا میں کون مسلمان ہے جس کے دل میں سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جلوۂ جہاں تاب کے دیدار کی تڑپ نہ ہو۔ ظاہر ہے یہ خواہش جاگتی آنکھوں تو اب پوری ہو نہیں سکتی۔ جن باسعادت نگاہوں نے اس آفتاب عالم تاب کے دیدار سے اپنی بصارتوں کو منور کیا وہ بھی تہہ خاک ہیں۔ البتہ عالم خواب میں یہ سعادت حاصل ہونے اور مسلمان کے دل کی تڑپ کو کس قدر تسکین کا سامان ہونے کا انتظام اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے اور کوئی بھی انسان سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خواب میں زیارت کرسکتا ہے اور جسے خواب حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دیدار ہوا تو اسے یہ خیال دل میں نہ لانا چاہئے کہ شاید یہ شیطانی اثر ہو۔ اس لئے کہ شیطان حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صورت اختیار کرنے پر قادر نہیں۔ (البتہ یہ واضح رہے کہ خواب میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دیدار اگرچہ بہت بڑی سعادت ہے لیکن اس پر نجات و کامیابی کا مدار نہیں اور یہ انسان کے اختیار میں ہے بھی نہیں۔)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے مجھے نیند میں دیکھا تحقیق! اس نے مجھے ہی دیکھا کیونکہ شیطان کے لئے یہ بات مناسب نہیں کہ وہ میری صورت اختیار کرے اور جب تم میں سے کوئی بُرا خواب دیکھے تو کسی کو نہ بتائے کہ خواب میں اس کے ساتھ شیطان کھیلتا ہے۔ (صحیح مسلم، کتاب الرؤیا، 525)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ایک اعرابی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میں نے خواب میں دیکھا کہ میرا سر کاٹا گیا ہے پھر وہ لڑھکتا ہوا جا رہا ہے اور میں اس کے پیچھے پیچھے دوڑتا ہوں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اعرابی سے فرمایا: اپنے ساتھ خواب میں شیطان کے کھیلنے کا لوگوں سے بیان نہ کرو اور جابر رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کے بعد خطبہ دیتے ہوئے سنا: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی اپنے ساتھ خواب میں شیطان کے کھیلنے کو بیان نہ کرے۔

(صحیح مسلم، کتاب الرؤیاء، ص526)

خوابوں کی تعبیر کے بیان میں

حضرت ابن ابن رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: اے اللہ کے رسول اصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں نے آج رات خواب میں بادل دیکھے جس سے گھی اور شہد ٹپک رہا ہے۔ میں نے لوگوں کو دیکھا کہ اس سے اپنے ہاتھوں میں چلو بھر بھر کے لے رہے ہیں ان میں سے بعض زیادہ لے رہے ہیں اور بعض کم اور میں نے ایک رسی دیکھی جو آسمان سے زمین تک ہے میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے اس رسی کو پکڑا اور اوپر چڑھ گئے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد ایک آدمی نے اسے پکڑا وہ بھی چڑھ گیا۔ پھر ایک دوسرا آدمی بھی اسے پکڑ کر اوپر چڑھ گیا۔ پھر ایک اور آدمی نے اسے پکڑا تو وہ رسی ٹوٹ گیا پھر اس کے لئے جوڑ دی گیا تو وہ چڑھ گیا۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) میرے ماں باپ آپ پر قربان! اللہ کی قسم! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے اجازت دیں کہ میں اس کی تعبیر بیان کروں۔ رسول اللہصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تعبیر (بیان) کرو۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کہا: بادل سے مراد اسلام کا سایہ ہے اور گھی اور شہد کے ٹپکنے سے مراد قرآن مجید کی حلاوت و نرمی ہے اور اسے لوگوں کا حاصل کرنا قرآن مجید سے کم اور زیادہ حاصل کرنے کے مترادف ہے اور رسی جو آسمان سے زمین تک ہے اس سے مراد حق ہے جس پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قائم ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسے مضبوطی سے تھامے ہوئے ہیں، اللہ اس کے ذریعے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بلندی عطا فرمائے گا، پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد جو آدمی اس کو تھامے گا وہ اس کے ذریعہ بلند ہو جائے گا پھر اس کے بعد دوسرا آدمی پکڑے گا وہ بھی بلند ہو جائے گا پھر اس کے بعد ایک دوسرا آدمی پکڑے گا تو اس سے دین میں خلل واقع ہو گا لیکن وہ خرابی دور ہو جائے گی اور وہ بھی بلندی پر چلا جائے گا۔ اللہ کے رسول اصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے ماں باپ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر قربان آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے بتائیں کہ میں نے تعبیر درست کی ہے یا خطا کی ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بعض تعبیرات تو درست کی ہیں اور بعض میں غلطی کی ہے۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اللہ کی قسم! اے اللہ کے رسول اصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ مجھے بتائیں جو میں نے غلطی کی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قسم مت دو۔

(صحیح مسلم، کتاب الرؤیاء، ص527)

فائدہ: خوابوں کی تعبیر و تاویل ایک مستقل علم ہے اور کسبی سے زیادہ وہبی ہے۔ اللہ تعالیٰ بعض بندوں کو خواب کا علم خصوصیت کے ساتھ عطا فرماتے ہیں۔ انبیاء کرام علیہ السلام میں سے حضرت یوسف علیہ السلام کو یہ علم عطا کیا گیا تھا جبکہ امتِ محمدیہ میں حضرت امام ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کو یہ علم دیا گیا جو مشہور تابعی ہیں۔

نبی اکرم ﷺ کے خوابوں کے بیان میں

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نے ایک رات وہ دیکھا جو سونے والا دیکھتا ہے۔ گویا ہم عقبہ بن رافع کے گھر میں ہیں اور ہمارے پاس ابن طاب قسم کی تازہ کھجوریں لائی گئیں۔ تو میں نے اس کی تعبیر یہ سمجھی کہ دنیا میں ہمارے لئے عظمت ہوگی اور آخرت میں (عذاب سے) بچاؤ ہوگا اور ہمارا دین بہت عمدہ ہے۔ (صحیح مسلم، کتاب الرویاء، باب 258، ص528)

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نے خواب میں دیکھا کہ میں مکہ سے ایسی زمین کی طرف جا رہا ہوں جہاں کھجوریں ہیں۔ میرے دل میں یہ خیال آیا کہ وہ جگہ یمامہ یا ہجر ہے۔ مگر وہ شہر یثرب (مدینہ) تھا اور میں نے اپنے اس خواب میں دیکھا کہ میں نے تلوار کو حرکت دی تو وہ اوپر سے ٹوٹ گئی۔ اس کی تعبیر وہ ہوئی جو مومنین کو غزوہ احد کے دن تکلیف پہنچی۔ (باقی صفحہ 37 پر)

بموقع عقد

محسنہ اسلام ...... ام المؤمنین رض

حضرت خدیجہ الکبریٰ

تحریر
ذوالفقار علی اعوان
(ملتان)

حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا (بنت خویلد) ام المؤمنین ہیں۔ رسول کریم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پہلی زوجہ مطہرہ ہیں۔ اللہ رب العزت نے انہی سے اولاد بھی عطا فرمائی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نہایت غمگسار اور ہمدرد۔ خواتین میں سب سے پہلے اسلام قبول کرنے کا شرف حاصل کیا۔ ابتدائی دور کی تمام مشکلات اور سخت آزمائشوں میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بھرپور ساتھ دیا۔ انہی خصائل کی بناء پر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نے فرمایا کہ اپنے زمانہ کی بہترین عورت مریم بنت عمران (حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ) تھیں اور (اسی طرح) حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا اپنے زمانہ کی سب سے بہترین خاتون تھیں۔" (صحیح مسلم، ص ۶۹۰)

میری اور آپ کی والدہ محترمہ ام المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ازواج مطہرات میں سے کسی عورت پر اتنا رشک نہیں کیا جتنا کہ میں نے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا پر رشک کیا ہے کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کا کثرت سے ذکر کرتے تھے اور میں نے ان کو کبھی بھی نہیں دیکھا۔ (صحیح مسلم، ص ۶۹۴)

اُس وقت حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر مبارک پچیس برس ہو چکی تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنا پاک اور آبائی پیشہ تجارت اختیار فرما چکے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سلسلے میں شام، بصرہ اور یمن کے متعدد سفر اختیار فرمائے۔ آپ کی ایمان داری، راست بازی اور صداقت کے چرچے قرب وجوار میں زبان زد عام تھے۔ یہاں تک کہ زمانہ جاہلیت کے اس دور لوگ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو صادق اور "آمین" کے القاب سے یاد کرنے لگے تھے۔

مکہ کے قبیلہ اسد قریش کے خویلد قرشیہ نامی شخص کی ایک بیٹی خدیجہ (رضی اللہ عنہا) تھیں۔ والد کے تمام اثاثے کی وہ واحد مالکہ تھیں، دولت ان کے گھر کی لونڈی تھی وہ تجارت کیا کرتی تھیں۔ اپنے معتمد الیہ لوگوں کے ہاتھ دوسرے ممالک میں مال بھیجا کرتی تھیں۔ جہاں سے مال کے بدلے مال واپس آتا۔ برآمد و درآمد کی یہ تجارت بڑی نفع بخش تھی۔ چونکہ وہ بیوہ تھیں اس لئے تجارت کے لئے ان کو دوسروں پر بہر حال اعتماد کرنا پڑتا تھا۔ دولت، حشمت اور اوصاف حمیدہ کی وجہ سے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سارے مکہ میں مشہور تھیں۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امانت و دیانت، شرافت اور صداقت کے چرچے جب حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے کانوں تک پہنچے تو انہوں نے آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو بغرض تجارت بلوا بھیجا۔

حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہ نے آنحضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا کہ آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) میرا مال برائے تجارت شام لے جائیں۔ میں جتنا حصہ اوروں کو دیتی ہوں اُس سے دوگنا آپ کو دوں گی۔

آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ معاہدہ قبول فرمایا اور ان کا مال لے کر شام روانہ ہوگئے۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا ایک غلام "میسرہ" بھی حضور (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے ہمسفر تھا۔

سفر سے واپسی پر "میسرہ" نے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان "نطورا" نامی راہب سے ان کی ملاقات اور سفر کے تمام حالات، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دیانت اور ایمانداری کے واقعات تفصیلاً حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہ کو سنائے۔

حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا یہ واقعات سن کر بہت متاثر ہوئیں انہیں ایک ایسے ہی ساتھی کی ضرورت تھی جس کے اوصاف عالیہ اور کمال وفضائل کے چرچے ہوں۔ چنانچہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے اپنی ایک سہیلی نفیسہ بنت امیہ کو راز دار بنایا اور ان کے ذریعے آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیلئے نکاح کا جو پیغام بھیجا: "واقدی نے نفیسہ ہی کی روایت سے اسے نقل کیا ہے:

"میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئی اور باتوں باتوں میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شادی کیوں نہیں کرتے؟"

"انہوں (حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے جواب دیا کہ میرے پاس اتنا سرمایہ نہیں ہے۔"

"نفیسہ: اگر ایسی عورت سے آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی شادی کا بندوبست ہو جائے جسے دولت کی ضرورت ہی نہ ہو خود دولت مند ہو، حسین

ہو اور ساتھ ہی آپ کی ہم نسب اور ہم کفو بھی ہو تو پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کیا رائے ہے۔"

حضور (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم): وہ کون ہے؟

نفیسہ: "خدیجہ رضی اللہ عنہ"

جواباً حضور (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے فرمایا کہ جاؤ ! میں اپنے خاندان سے صلاح مشورہ کر کے پیغام بھجواؤں گا۔

رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے چچا حضرت ابو طالب سے صلاح مشورہ کیا اور ایک پیغام رساں کو اپنے عم محترم حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے ہمراہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے پاس بھیجا۔ چونکہ اس وقت حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے والد خویلد قرشیہ حیات نہیں تھے وہ حرب فجار میں مارے جا چکے تھے۔ اس لئے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پیغام خدیجہ رضی اللہ عنہا کے چچا عمرو بن اسد بن عبدالعزیٰ نے بطور ولی قبول کیا۔

مقررہ تاریخ کے دن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا حضرت ابو طالب اور عام اکابرین خاندان حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے گھر جمع ہوئے۔ حضرت ابو طالب نے خطبہ نکاح پڑھا۔ ساڑھے بارہ اوقیہ (پانچ صد طلائی درہم) مہر مقرر ہوا۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی عمر اس وقت چالیس برس تھی اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اُس وقت پچیس برس کے تھے یہ 595ء کی بات ہے۔

حضرت خدیجہ پندرہ سال قبل عام الفیل میں مکہ میں قریش کے قبیلہ بنو اسد کے ایک مقتدر گھرانے میں تولد ہوئیں۔ آپ کے والد خویلد قرشیہ بن اسد جن کا سلسلہ نسب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ملتا تھا خویلد بن اسد بن عبدالعزی بن قصی بن کلاب بن مرہ۔ آپ کے نانا کا سلسلہ نسب یوں تھا: اصم بن ہرم بن روحہ بن حجر بن عبد بن حیص بن عبد۔

حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ کا لقب ان کی پاکیزگی اور شرافت کی وجہ سے "طاہرہ (پاک)" تھا اور کنیت "ام ہند" تھی۔ قریش کے قبیلہ بنو اسد کو سارے مکہ میں ایک منفرد مقام حاصل تھا۔ مجلس شوریٰ کی صدارت اسی قبیلہ کے ایک سردار یزید بن زمعۃ الاسود کے سپرد تھی۔ حسب ونسب کی شرافت و قبیلے کی سرداری، حسن وجمال، اعلیٰ اوصاف واخلاق، عقلی فضیلت، پاکیزگی یہ وہ محاسن تھے جو حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو ورثہ میں ملے تھے۔ اس کے علاوہ دولت وحشمت میں بھی آپ رضی اللہ عنہا کا خاندان مشہور تھا۔ اسی لئے جب آپ سن بلوغ کو پہنچیں تو مکہ کے کئی معزز خاندانوں کے چشم و چراغ نے آپ رضی اللہ عنہا کے لئے متعدد پیغام ارسال کئے لیکن آپؓ نے کوئی پیغام قبول نہیں کیا۔

حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہ پہلے ورقہ بن نوفل سے منسوب تھیں مگر کسی وجہ سے نکاح نہ ہو سکا۔ بعد ازاں ابو ہالہ جن کا اصل نام "ہند بن النباش تمیمی بن زرار" تھا، نے پیغام بھیجا جو کہ آپ نے قبول فرمایا۔ ابو ہالہ نے دستور کے مطابق مہر ادا کیا اور پھر نکاح ہو گیا۔

ابو ہالہ سے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے دو لڑکے "ہالہ" (بعض کے مطابق حارث) اور "ہند" پیدا ہوئے۔ ابو ہالہ زمانہ جاہلیت میں ہی انتقال کر گئے تھے البتہ ان کے دونوں بیٹوں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا زمانہ پایا اور دونوں مشرف بہ اسلام ہوئے۔ "ہند" رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مقبول صحابہ میں شمار کئے جاتے ہیں۔ ابو ہالہ کی وفات کے بعد حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا دوسرا عقد "عتیق بن عایذ مخزومی" سے ہوا۔ جن سے ایک لڑکی ہند پیدا ہوئی جو مشرف بہ اسلام ہوئیں مگر ان سے کوئی روایت نہیں کی جاتی۔

عتیق بن عایذ مخزومی کی وفات کے بعد بعض روایات کے مطابق حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا نکاح صیفی بن امیہ سے ہوا جو حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے ابن عم (چچا زاد بھائی) تھے۔

(اکثر مؤرخین اور محدثین حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا حضور ﷺ سے نکاح سے پہلے صرف دو بتاتے ہیں جیسا کہ پہلے عرض کیا جا چکا ہے کہ چند روایات میں تیسرے نکاح کا ذکر ملتا ہے۔ بہر حال حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نکاح میں آنے سے پہلے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے دو نکاح ہوئے جس پر سب راوی متفق ہیں۔)

اس کے بعد حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے اپنا سارا سامان، مال و متاع اپنے عظیم شوہر کے پاؤں میں ڈال دیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فطرتاً سخی تھے۔ بڑے رحم دل اور غریب پرور تھے انہوں نے سارا سامان اللہ کی راہ میں غرباء میں تقسیم کر دیا لیکن اس عظیم اور نیک سیرت خاتون (اُمی خدیجہ رضی اللہ عنہا) نے اس بات کا شکوہ کبھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نہیں کیا کیونکہ وہ خود اعلیٰ درجے کی سخی تھیں۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے زندگی کے ہر مرحلے، ہر مشکل گھڑی میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پذیرائی کی اور ان کی خدمت کرنے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا۔

قارئین تحفہ روحانیات! اس عظیم ہستی کے بارے میں جتنا بھی تحریر کریں کم ہے۔ لیکن صفحات کی کمی کے باعث اہم واقعات منسوبہ ام المؤمنین حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا بہت مختصر طور پر آپ کی خدمت میں پیش کئے گئے ہیں۔

شرف زحل جامع کامل لوح

تحریر
رضوان حسین شاہ
(ملتان)

قارئین تحفہ روحانیات شرف زحل اپنے مکمل قوت و طاقت سے انشاءاللہ 12 اکتوبر 2011ء کو ظاہر ہو رہا ہے زحل اپنے نقطہ عروج پر ہوگا۔ اس وقت اس کی قوتوں کا شمار نہیں کیا جا سکتا۔ زحل کی ان قوتوں سے مکمل فائدہ حاصل کرنے کا یہ خاص وقت بار بار نہیں آتا۔ اس وقت میں اگر ایسی لوح تیار کی جائے کہ جس میں تمام حروف کی قوت موجود ہو تو اس خزانہ سے بڑھ کر کچھ نہیں یہ جفری لوح خاص طریقہ سے تیار کی جاتی ہے۔ جس کی بنیاد علم جفر پر ہے۔ امام جعفرؑ صادقؓ فرماتے ہیں ہمارے پاس جفر احمر ہے۔ اور جفر ابیض اور جفر جامع۔ جفر احمر کا بیان اس آیت مبارکہ میں اس طرح ہے **یَا اَیُّھَا النَّبِیُّ جَاھِدِ الْکُفَّارَ وَالْمُنَافِقِیْنَ وَاغْلُظْ عَلَیْھِم** اور جفر ابیض سے متعلقہ آیت یہ ہے۔ **سَنَسْتَدْرِجُھُمْ مِّنْ حَیْثُ لَا یَعْلَمُوْنَ** اور جفر جامع سے متعلق آیت **یَمْحُو اللّٰہُ مَا یَشَآءُ وَیُثْبِتُ عِنْدَہٗ اُمُّ الْکِتَابِ** بعد امام جعفرؑ صادق آپ کی اولاد میں علماء کاملین اس اسرار سے واقف تھے۔ اور جب بھی کسی عباسی خلیفہ نے امام علی رضاؑ کو اپنی بیعت کیلئے کہا تو آپ نے فرمایا کہ اے بادشاہ تم ہمارے حق جانتے ہو اور تمہیں معلوم ہے کہ جفر تمہاری بیعت کی دلالت نہیں کرتا اور علم جفر کو اللہ نے اکثر علماء سے پوشیدہ رکھا ہے اس میں حکمت الٰہی اور مصالح ربانی نیز جعفرؑ کی ساتوں اقلیموں پر دنیا کی تقسیم طبعی منحصر نہیں ہے۔ بلکہ ان خطوط پر پہلے کے بادشاہوں نے زمین کے گرد گھوم کر کچھ اندازے مقرر کئے جیسے افریدون نطبی تبع حمیری اور حضرت سلیمانؑ بن داؤدؑ اور سکندر اور اردشیر فارسی ان بادشاہوں نے بھی اپنے عہد میں زمین کی پیمائش کروائی۔ مشرق و مغرب، شمال و جنوب کا طول عرض معلوم کیا۔ اس کے علاوہ زمین کے اندر پہاڑ دریا سمندر وغیرہ اور ان سب آسمانوں کے مقابلہ میں دائرہ کے نقطہ میں رکھ دیا۔ آسمان کے ستاروں کے گرد گنتی ایک ہزار انتیس شمار کی گئی جن میں ہر ایک زمین سے تیرہ گنا بڑا ہے۔ سب سے بڑا ستارہ زمین سے ستر گنا بڑا ہے۔ آخر میں اسمائے الحسنیٰ اور صفات الٰہیہ کا اس آیت مقدسہ سے بسط دائرہ میں تحریر ہوتی ہے۔ **واللّٰہ مِنْ وَّرَآئِھِمْ مُّحِیْطٌ بَلْ ھُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ** اس آیت میں حروف رموز ہے۔ اور وہ فرد اور زوج ہیں اور حروف اسم اعظم اس دائرہ کے چاروں جانب لکھا جاتا ہے۔

اسرار اقلیم


اقلیم اول ہی کو اقلیم فواد کہتے ہیں اور یہی اقلیم زحل ہے۔ اس کے دروازے ملک مشائخ ہیں۔ دوسری اقلیم مشتری کی ہے یہ متعلقہ علماء کرام سے ہے۔ تیسری اقلیم شفاف جو کہ مریخ کی ہے جس کا تعلق امراء سے ہے۔ چوتھی اقلیم محبت اور دولت اس کا تعلق بادشاہ و سربراہ و سلاطین تاج و تخت سے ہے پانچویں اقلیم معنر ہے جو کہ زہرہ سے تعلق ہے۔ اس کا تعلق شعراء کرام سے ہے۔ چھٹی اقلیم عطارد سے ہے جو کہ عقل قلم علماء اور کاتب سے تعلق سے ہے۔ ساتویں اقلیم قلب یعنی قمر سے ہے جو کہ وزیروں سے متعلقہ ہے۔ ہر اقلیم کے دروازے پر انبیاء کرام موجود ہیں۔ جیسے اقلیم اول کا دروازہ سر حیات ہے جو کہ حضرت ابراہیمؑ کا دروازہ ہے دوسرا دروازہ سطر علم ہے جس کا تعلق حضرت ہارونؑ سے ہے۔ تیسرا دروازہ سر قدرت سے ہے جو کے حضرت موسیٰؑ کا ہے۔ پانچواں دروازہ سر رحمت تعلق یوسفؑ سے ہے چھٹا سر حکم تعلق حضرت عیسیٰ ساتواں سر عمل حضرت آدمؑ سے ہے۔

علم جفر پر کی صداقت کے بارے میں بحث کی جائے تو کئی کتابیں لکھنا پڑیں لیکن اس موضوع کو یہیں موقوف کرتے ہوئے۔ اصل کی جانب آتے ہیں۔ جفری لحاظ سے 28 حروف اپنے اندر خاص قوت رکھتے ہیں انہی حرف سے کائنات کا نظام قدرت چل رہا ہے۔ تمام اسمائے الٰہی انہی حروف سے ظاہر ہوتے ہیں۔ جن کے مختلف طلسم تیار کئے جا سکتے ہیں۔ لیکن قارئین کرام شرف زحل کے وقت میں ایسی خاص لوح تیار کی جا سکتی ہے جو کہ تمام حروف اور تمام اقلیم کی قوت رکھتی ہو۔ اس لوح کے اسرار و رموز اتنے ہیں کہ عقل دنگ رہ جاتی ہے مختصر طور پر زحل سے متعلقہ تمام امور جن میں روحانی علوم کا حصول ہے، روحانی درجات پر پہنچنا، ہاتف غیبی کا بیدار ہونا۔ حجاب قفل کا کھل جانا، سیارہ گان کے اسرار رموز اور ان کے ظاہری خواص سے متعلق معلومات کا آنا اس لوح کی برکت سے تسخیر خلق، تسخیر ارواح، تسخیر جنات، کشف القبور، حاجت روی اور تسخیرات کل شامل ہیں۔ اس جامع لوح کی برکت سے تسخیر روحانیت، تسخیر موکلات، خاتمہ جادو سحر، دفع بندش اولاد اور دفع بندش نکاح، دفع امراض، دفع حسد نظر بد حاصل ہوتی ہے اس کے علاوہ لوح کل جامع حروف کی برکت سے دفع مفلسی، دفع تنگ دستی، کاروبار کا

فروغ، مال و دولت کا حصول، رزق کی فراوانی یا کشادگی رزق۔ عزت و شہرت و مقبولیت بے گمان رزق ظاہری و باطنی قوتوں کا حصول، قوت جسمانی و روحانی ہر حاجت اور خواہش کا پورا ہونا۔ ہمیشہ غنی رہنا، فتح و نصرت، عزت و جاہ مرتبہ جیسے فوائد شامل ہیں۔

اس لوح کی تیاری سے قبل 7 یوم تک روزہ رکھیں تنہائی میں جتنا ہو سکے اتنا وقت گزاریں۔ پابندی صلوۃ ہو اسم الٰہی یا سمیع یا بصیر کا روزانہ ورد 15000 بار اس طرح ہو کہ ہر نماز کے بعد 3000 بار پڑھا جائے۔ حروف ابجد قوت عدد کے ساتھ بعد طلوع شمس اور بعد غروب شمس تحریر کئے جائیں۔ دوران روزہ پرہیز جلالی و جمالی کیا جائے۔ یعنی گوشت اور گوشت سے پیدا ہونے والی کوئی شے استعمال نہ کی جائے۔ کم سوئیں اور زمین پر سوئیں۔ کم روشنی کا استعمال کریں روزانہ غسل کریں مٹی کے برتنوں میں کھائیں پئیں۔ اپنے کپڑے اور برتن خود دھوئیں۔ بظاہر یہ تمام پابندیاں سننے اور پڑھنے میں مشکل محسوس ہوتی ہیں لیکن جب عمل کیا جائے تو انتہائی آسان لگتی ہیں 7 دن کی مشقت کے بعد صاحب عمل کو لوح سے متعلقہ جو فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ وہ تمام عمر کے غم دکھ درد بھول جاتا ہے اور آئندہ زندگی میں پریشانیوں سے دکھوں سے تکلیفوں سے نجات ملتی ہے۔ اس راز کو اگر کسی پر ظاہر کر دیا تو ہاتھ میں مٹی کے سوا کچھ باقی نہیں رہتا۔ یہ لوح خالص سیسہ پر وقت شرف زحل میں تیار کی جائے اس کے چاروں اطراف یا سمیع یا بصیر اسمائے الٰہی تحریر کریں اور موکل ظاہری و باطنی بھی تحریر کریں۔ بعد تیاری لوح پر اسم الٰہی مذکورہ بالا دم کیا جائے نیلے رنگ کے کپڑے میں لپیٹ کر دائیں بازو پر باندھ لیں۔ قارئین لوح کندہ کرنے سے قبل اجازت ضرور لیں۔ جس کا طریقہ کار اس طرح ہے کہ سوالنامہ جوابی لفافہ کے ہمراہ ادارہ کے پتہ پر صاحب مضمون کے نام سے ارسال کر دیں۔ اجازت کے بغیر یہ لوح کام نہ دے گی۔

اِنَّ اللّٰہَ یُسْمِعُ مَنْ یَّشَآءُ وَمَآ اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِی الْقُبُوْرِ



اعمال سفلی

تحریر: عرفان احمد

سفلی اعمال کی ہر دور میں اہمیت رہی ہے، یہ عمل کی ایک زبردست قسم مانی جاتی ہے اور چونکہ اس کا تعلق شیطانی ارواح سے ہوتا ہے اس لئے اثر جلدی دکھاتے ہیں۔ ان میں بہت سی اقسام ہیں لیکن ہم جس کے بارے میں بات کریں گے اسے "وشی کرن" کہا جاتا ہے۔

"وشی کرن" کیا ہے؟

"وشی کرن" سنسکرت زبان کا لفظ ہے۔ وشی + کرن۔ وشی کا مطلب کسی کو متوجہ کرنا یا متاثر کرنا ہے۔ کرن کا مطلب متوجہ کرنے کا طریقہ۔ یہ بات یاد رکھنے کی ہے کہ ہر آدمی اپنے اعمال کا جواب دہ ہے اس لئے ان اعمال کو غلط مقاصد کے لئے استعمال کرنا اپنے لئے مصیبت کھڑی کرنا ہے۔ اس لئے غلط اور صحیح کا فیصلہ آپ پر ہے۔

عمل نمبر 1: اوم ہم (مطلوب کا نام) مے وشیم کرو کرو سواہا

اس عمل کو "2268" بار پڑھیں، مطلوب ہر صورت میں آپ کے پاس ہوگا۔ یہ عمل مرد اور عورت دونوں پر ایک جیسا اثر دکھائے گا۔

عمل نمبر 2: ایک پان پر یہ منتر 108 بار پڑھیں اب جس کسی کو (مرد/عورت) آپ یہ پان کھلائیں گے وہ آپ کے پیار میں پاگل ہو جائے گا اور کبھی آپ سے جدا نہ ہوگا۔

اوم نمو بھگوتی چامنڈا اہار دے کمپنی سواہا

عمل نمبر 3: مطلوب کا پہنا ہوا کپڑا لیں اس پر گیارہ روز تک اس منتر کو ہر روز 108 بار پڑھیں، مطلوب کبھی آپ سے الگ ہونے کا نہیں سوچے گا۔ منتر یہ ہے: "اوم نمو بھگوتی رُدر دے آدر شٹی لکھی تاہر سواہا ڈھائی گن سائر کی کُوت کُوت بکھرے منتر ایشور و واچا"


عمل نمبر 4: ایک سپاری کا پیکٹ لیں اس پر اس عمل کو 108 بار پڑھ کر جس کسی کو کھلا دیں گے وہ ہمیشہ کیلئے آپ کا ہو جائے گا۔

"اوم دیو نمو ہر لے ٹھے ٹھے سواہا"

عمل نمبر 5: پہلے اس عمل کو دس ہزار بار پڑھ کر سیدھ کر لیں پھر کسی پھل پر 108 بار پڑھ کر پھونکیں جو کوئی یہ پھل کھائے گا وہ آپ کے حکم کا تابعدار ہو جائے گا۔ منتر یہ ہے: "اوم ہر ینگ موہنی سواہا"

(باقی آئندہ ماہ)

زہرہ تسدیس زحل 08 اگست بوقت 07:20



درج بالا زائچہ میں نظر زہرہ زحل تسدیس قائم ہوئی جس میں تالہ افق شرقی پر عطارد در سنبلہ ہے جو کہ اپنے فطرت کے گھر میں ہے۔ سیارگان کے مابین ہونے والی نظر کے تحت سعد امور بجالائے جاتے ہیں۔ احکامات بھی سعد ہوتے ہیں جبکہ راس اور ذنب کندر میں ہیں، لیکن اس کے باوجود دونوں سیارگان مثبت اثرات پیدا کئے ہوئے ہیں۔ شمس زہرہ قران میں ہے اور شمس حالت غروب میں ہے، زہرہ کو اسد میں فرح حاصل ہے جبکہ دوسری جانب زحل بھی خانہ شرف میں ہے۔

08 اگست: وزیر اعظم سعودی عرب پہنچ گئے، ایئرپورٹ پر پُرتپاک استقبال۔ ☆ وزیر اعظم نے غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے خاتمے کے لئے کمیٹی قائم کردی۔ ☆ ن لیگ کی کمیٹی نے صوبوں کے قیام کی حمایت کردی۔ ☆ آشیانہ سکیم میں الاٹ شدہ گھروں کی کمپیوٹرائز قرعہ اندازی۔ ☆ "دوستی کا عالمی دن" لوگوں نے ایک دوسرے کو کارڈ، پھول اور دیگر تحائف دیئے۔ ☆ زمبابوے نے بنگلہ دیش کو ٹیسٹ میچ میں شکست دیدی۔

09 اگست: کور کمانڈرز کانفرنس، کراچی کی صورتحال پر تشویش کا اظہار۔ ☆ کشمیری نظام کا حامی ہوں، جوڈیشل مارشل لاء آنا چاہئے: پیر پگاڑا ☆ پنجاب حکومت اور چینی کمپنی میں لائیو سٹاک اور توانائی کے شعبوں میں تعاون کا فیصلہ۔ ☆ عالمی سٹاک مارکیٹوں میں بدستور مندی، تیل سستا، سونا مزید مہنگا ہوگیا۔ ☆ شام میں حکومت مخالف مظاہرین کے خلاف آپریشن جاری، 82 ہلاک، ☆ ترکی: حکومت کو بدنام کرنے کے الزام میں 6 جرنیلوں اور ایک ایڈمرل کے وارنٹ گرفتاری جاری۔

11 اگست: برطانیہ میں ہنگامے، لوٹ مار جاری، 3 پاکستانی جاں بحق۔ ☆ شمالی وزیرستان: امریکی جاسوس طیاروں کے 2 میزائل حملے، 21 افراد جاں بحق، کئی زخمی۔ ☆ قومی اسمبلی: سرائیکی صوبہ پیار سے نہ دیا تو بندوق اٹھالیں گے: جمشید دستی۔ ☆ پی اے سی کا اجلاس، جکارتہ میں سفارتخانے کی عمارت کی فروخت، سابق سفیر سے رقم وصول کرنے کا حکم۔ ☆ پاکستان کو پی تھری اورین جہاز جلد دیں گے: پینیٹا گون۔

اظہار تعزیت

ماہنامہ تحفہ روحانیات کے لکھاری ماہر علم الاعداد غلام اکبر زنگیجو کے والد محترم غلام رسول زنگیجو بقضائے الٰہی مختصر علالت کے بعد 80 سال کی عمر پا کر 2 رمضان المبارک بروز بدھ دوپہر 3 بج کر 30 منٹ پر اس دارفانی سے کوچ کر گئے۔ ادارہ محترم لکھاری کے اس دکھ میں برابر کا شریک ہے۔ اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے والد مرحوم کی مغفرت فرماتے ہوئے درجات کو بلند فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ قارئین تحفہ روحانیات سے گزارش ہے کہ مرحوم کی ایصال ثواب کیلئے ایک بار سورہ فاتحہ اور تین بار سورہ اخلاص پڑھ کر مرحوم کی روح کو ایصال کریں۔

(منجانب: ادارہ روحانیات)

سورہ رعد: اگر کسی ایسے خطرناک جنگل میں رستہ جاتا ہو کہ جہاں درندوں کا خوف ہو اس آیت شریف کو پڑھے، انشاءاللہ کسی طرح کا خوف نہ رہے گا اور نہ کوئی درندہ حملہ کرے گا۔ **بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنۡۢ بَيۡنِ يَدَيۡهِ وَمِنۡ خَلۡفِهٖ يَحۡفَظُوۡنَهٗ مِنۡ اَمۡرِ اللّٰهِ**۔ خاصیت: اگر کسی موقع پر بجلی کی کڑک اور چمک زیادہ ہو تو اس موقع پر **يُسَبِّحُ الرَّعۡدُ بِحَمۡدِهٖ وَالۡمَلٰۤئِكَةُ مِنۡ خِيۡفَتِهٖ** ج آیت اور **سُبۡحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمۡدِهٖ سُبۡحَانَ اللّٰهِ الۡعَظِيۡمِ** ط کا پڑھنا نہایت مفید اور ہر قسم کی آفت سے محفوظ رہنے کے لئے مجرب عمل ہے۔

سعید احمد (ملتان)

ستاروں کی چال اور وظیفے کا کمال

زہرہ تثلیث مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
ہفتہ	3 ستمبر	6:55 تا 7:59	14:20 تا 15:23	مشرق	21:23 تا 22:15	جنوب مشرق

تسخیر مال و دولت

(مقصد عمل) سیاروں کی یہ نظر تسخیر دولت حصول مال کیلئے بہت مجرب ہے اس کے علاوہ اسی نظر کے تحت تسخیر محبوب کیلئے بھی اعمال کئے جاسکتے ہیں۔

(عمل) چاندی کی تختی پر **یا منعم یا معز یا باسط یا ودود** کل عدد 409 اسم الٰہی کے اعداد استخراج کرنے کے بعد اپنے نام اور پھر مقصد کے عدد شامل کر دیں۔ کل اعداد حاصل کرنے کے بعد مخمس چاندی کی پلیٹ پر تیار کریں دوسری جانب دونوں سیاروں کا طلسم تحریر کریں قبل از عمل بخورات روشن کریں۔ تیار کی گئی لوح کو اپنے سیدھے بازو پر باندھ لیں روزانہ ورد درج بالا اسم الٰہی کا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی مقصد پورا ہو جائیگا۔ جو لوگ نقش تیار نہ کر سکیں وہ چاندی کی تختی یا ہرن کی جھلی پر درج بالا اسم الٰہی ساعت مبارکہ میں 409 بار ورد کریں ہر اسم کو 14 بار اطراف میں لکھیں درمیان میں اپنا مقصد تحریر کرنے کے بعد دونوں سیاروں کا طلسم بنائیں اور دی گئی ہدایت کے مطابق اپنے بازو پر باندھ لیں۔

شمس تثلیث مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
ہفتہ	3	6:55 تا 7:59	14:20 تا 15:23	مشرق	21:23 تا 22:15	جنوب مشرق

حصول انعامی چانس

(مقصد عمل) یہ ایسا وقت ہے کہ جس میں کئی نمبرز پرائز بانڈ، کمیٹی یا اسی طرح کے دوسرے انعامی چانس کی سکیموں میں مفت کی دولت مل سکتی ہے ستاروں کی اس نظر کے تحت غربت اور افلاس چند ہی دنوں میں ختم ہو جاتا ہے شرط ہے کہ آپ کی طرف سے عمل میں کوئی غلطی یا کوتاہی نہ ہو۔ ضروری ہی نہیں ہے اس عمل کی برکت سے آپ کا انعامی چانس نکلے بلکہ اللہ کی طرف سے کئی اور رستے بھی رزق کو فراغ کرنے کیلئے مل جاتے ہیں۔

(عمل) 1 تسبیح استغفار + 21 بار درود شریف + 21 سورہ مزمل + 21 بار درود شریف پڑھیں بعد میں ایک سفید کاغذ پر اسمائے الٰہی "یا مغنی یا زکی" "یا مغنی یا لطیف" 7 بار لکھیں اس کاغذ کو نقش کی صورت میں لپیٹ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھ لیں ہر روز 21 بار سورہ مزمل اول آخر درود شریف 21 بار بعد نماز فجر پڑھ کر اس باندھے ہوئے نقش پر پھونک دیں جو لوگ سورہ مزمل نہ پڑھ سکیں وہ مذکورہ اسم الٰہی کا ورد عمل کے وقت 117 بار کریں۔

زہرہ تسدیس مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
اتوار	4	6:55 تا 7:59	14:20 تا 15:23	مشرق	21:23 تا 22:15	جنوب مشرق

برائے صلح مرد و زن

(مقصد عمل) مرد و عورت میں صلح کرانے کیلئے یا ایسے پریشان افراد جو کہ اپنی بیوی کے ہاتھوں تنگ ہوں کہ وہ چرب زبان اور نافرمان ہو یا ایسی خواتین کہ جن کے شوہر عیاش طبیعت اور زیادہ غصہ والے ہوں آج اس عمل سے فائدہ لے سکتے ہیں۔

(عمل) **یا رحمٰن یا رحیم یا کریم یا ولی** کا ورد سوا پاؤ مکھن کی ڈلی پر 721 بار کریں اول آخر درود شریف 21 بار پڑھیں۔ بعد ورد اس مکھن کو کسی بھی طرح اُس شخص کو کھلا دیں جس سے اپنا مقصد حاصل کرنا چاہتے ہوں، اس عمل کی برکت سے وہ شخص مکمل طور پر صاحب عمل کے لیے مسخر ہو جائے گا۔

عطارد تثلیث مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
جمعرات	15	5:56 تا 6:58	13:13 تا 14:15	شمال مغرب	20:20 تا 21:18	شمال مشرق

ہر نیک مقصد

قارئین تحفہ روحانیات اعمال شروع اختیار کرنے سے قبل خصوصی اجازت طلب کریں۔

(مقصد عمل) ستاروں کی اس سعد ترین نظر میں آپ اپنے ہر نیک مقصد کیلئے عمل کر سکتے ہیں بشرطیکہ آپ کی نیت خالص ہو میں کامیابی کیلئے یقین کامل پہلی شرط ہے آپ کی زندگی کا ہر مقصد شادی بیاہ، روزگار، مقدمہ گھریلو لڑائی جھگڑے وغیرہ کے حل کیلئے اس عمل سے مکمل فائدہ لے سکتے ہیں۔

(عمل) 2 رکعت نماز صلوۃ الحاجات + 21 بار درود شریف + 21 بار آیت مبارکہ **ان اللہ علی کل شئ قدیر** + 21 بار درود شریف ہر روز بعد نماز فجر 21 بار اسی طرح آیت مذکورہ کا ورد کریں جلد ہی مطلوبہ مقصد پورا ہوگا۔ آیت مذکورہ کو 107 بار کاغذ پر لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر بھی باندھ لیں۔ نیچے اپنا مقصد دعائیہ انداز میں لازمی لکھیں۔

عطارد قران شمس

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
جمعرات	29	08:04 تا 09:04	15:07 تا 16:07	مغرب	22:02 تا 23:02	جنوب

قوت علم و عقل

(مقصد عمل) سیاروں کی یہ نظر علم و عقل تحریر و قلم کی قوت کو بڑھانے کیلئے یا عدالتی فیصلے اپنے حق میں کرنے کیلئے یا وراثتی جائیداد میں حصہ حاصل کرنے کیلئے کام دیتی ہے۔

(عمل) متذکرہ بالا نظر کے تحت ساعت شروع ہوتے ہی سورۃ القریش 21 بار ورد کریں بعد ورد مکمل ہونے کے کاغذ اور قلم پر دم کریں۔ اگر نقش بنانا چاہتے ہوں تو سورۃ القریش کے اعداد قمری 6304 میں اپنے مقصد کے اعداد شامل کریں اور نقش مربع آتشی چال سے پُر کریں۔ اس نقش کو پھل دار درخت سے باندھ دیں۔ روزانہ سورۃ القریش 21 بار ورد کریں اور حاجت طلب کریں انشاءاللہ چند یوم میں ہی اس خاص نظر کے تحت کئے گئے عمل کے اثرات ظاہر ہونگے سورۃ القریش میں وہ خاصیت ہے کہ متذکرہ بالا تمام مقاصد کا حصول ہوتا ہے۔

عطارد تسدیس مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
جمعرات	29	07:03 تا 08:03	14:02 تا 15:07	مغرب	21:01 تا 22:02	جنوب

الفت و محبت

(مقصد عمل) محبت، الفت، دوستی یا نکاح کیلئے راضی کرنے کے لے یا تسخیر خلائق کے لیے یہ وقت موزوں ہے۔

(عمل) دیئے گئے وقت سے قبل کسی بھی طرح پرندہ ہدہد اور ابابیل کی آنکھیں ہرن کی جھلی میں لپیٹ کر مشک و زعفران کا بخور دے کر پیتل کے تعویز میں بند کر لیں یا پھر فیروزہ نگینہ کے نیچے ان دونوں آنکھوں کو دیئے گئے وقت میں خشک کرنے کے بعد پیس کر اس نگینہ کے نیچے بھر کر دم کروالیں جونہی اپنا ہاتھ کسی سے بھی مس کریں گے وہ طالب کی محبت میں دیوانہ ہو جائے گا، علاوہ ازیں اس عمل کی برکت سے دشمن بھی مغلوب ہوگا۔

شمس تسدیس مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
جمعہ	30	11:04 تا 13:03	/	جنوب	17:59 تا 20:00	شمال مغرب

غلبہ دشمن

(مقصد عمل) سیاروں کی اس نظر کے تحت غلبہ دشمن، تسخیر افسران بالا تسخیر امراء، سخت دل اور دولت مند لوگوں کو مسخر کرنے کیلئے عمل کیا جاسکتا ہے۔

(عمل) درج بالا وقت میں گولڈن کاغذ پر طلسم شمس کندہ کریں اور اس طلسم کے بالکل نیچے **یا ودود یا اللہ یا ودود یا غنی یا ودود یا مغنی یا ودود یا باسط** تحریر کریں جس شخص کو مسخر کرنا ہو درج بالا اسم الٰہیہ اس وقت میں بیٹھ کر 1100 بار ورد کریں اور اس طلسم پر دم کر دیں نیچے اپنا مقصد بھی تحریر کریں۔ اس کاغذ کو اس طرح سے تہہ کریں کہ اسم الٰہیہ اور مقصد تحریر بالکل طلسم اوپر ہو یعنی دونوں تحریریں آپس میں مل جائیں۔ ایسے 4 نقش تیار کریں ان میں سے ایک نقش مطلوبہ شخص کی راہ گزر مکان، دفتر یا دکان میں رکھ دیں۔ دوسرا نقش پھل دار درخت سے باندھ دیں اور تیسرا نقش گڑ شکر یا چینی یا شہد میں رکھیں چوتھا نقش اپنے پاس رکھیں۔ روزانہ درج بالا اسم الٰہیہ کو 200 بار ورد میں رکھیں انشاءاللہ تعالیٰ جلد ہی مطلوبہ مقصد پورا ہوگا۔ غلبہ دشمن کیلئے یا قوی یا قابض کا اضافہ کر کے تحریر و ورد کریں۔

جو لوگ نقش بنانے کے فن سے واقف ہوں 2318 عدد میں نام سائل مع مقصد مع نام مطلوب کے عدد قمری کا اضافہ کریں اور جو لوگ غلبہ دشمن چاہتے ہوں وہ مزید 1018 عدد کا اضافہ کریں گے۔ نقش چال آتشی مربع سے پُر ہوگا۔

زہرہ قران زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
جمعہ	30	06:07 تا 07:10	13:02 تا 14:02	جنوب	20:00 تا 21:01	شمال مغرب

علاج پوشیدہ امراض

(نوٹ) درج بالا تمام ساعت ملتان وقت کے مطابق ہیں، دیگر شہروں کا فرق وقت جمع نفی کر لیا جائے۔ (ادارہ)

(مقصد عمل) سیاروں کی اس نظر میں ایسی خواتین کیلئے عمل تیار کیا جاسکتا ہے جو کہ لیکوریا یا اسی طرح کے پوشیدہ امراض میں مبتلا ہوں ذیل کا عمل نہایت مجرب ہے اور عموماً استعمال میں رہا ہے۔

(عمل) متذکرہ ساعتوں میں 4 عدد نقش مربع حروف صوامت خاکی چال سے پُر کریں۔ وہ لوگ جو کہ نقش پُر کرنا نہ جانتے ہوں احد رسمع طعک لموہ 13 بار کاغذ پر لکھیں نیچے اپنا مقصد دعائیہ انداز میں تحریر کریں۔ ان میں سے 1 نقش پرانی قبر میں دوسرا نقش اسی قبر کے اوپر درخت میں تیسرا وزن کے نیچے اور چوتھا نقش مریض کو رکھنے کیلئے دیں روزانہ کلمہ طیبہ روزانہ 130 بار غروب آفتاب سے 10 منٹ قبل 13 یوم تک مریض خود ورد کرے انشاءاللہ درج بالا امراض کا خاتمہ ہوگا اور مریض کو یہ مرض دوبارہ نہیں ہوگا۔

ہبوط زہرہ 12 ستمبر

جنوب مشرق میں اس سیارہ کو شرف شمال مشرقی برج ثور میں اس کو اوج شمال مشرقی میں اس کو عروج شمال مغرب میں اس کو رفعت اور شمال مغربی برج میں اس سیارہ کو فرح حاصل ہوتی ہے یہ تمام سعد قوتیں اس سیارہ سے منسلک ہیں۔

جنوب مغربی برج میں سیارہ زہرہ کو حضیض شمال مغربی برج میں ہبوط جنوب مغربی برج میں زوال جنوب مشرق برج میں وبال اور جنوب مشرق برج میں آفت ہوتی ہے۔ لہذا جب سیارہ قمران بروج میں داخل ہو تو اس کی نحس قوتوں سے بچنے کیلئے کوئی سعد کام مثلاً نکاح، شادی بیاہ، آغاز محبت نہ کریں۔

ساعت ہبوط زہرہ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
سوموار	12	/	/	/	18:17 تا 19:20	جنوب مشرق

سیارہ زہرہ کی حالت ہبوط میں کسی بھی شخص کے نکاح کو باندھنے کیلئے آپس میں عداوت پیدا کرنے کیلئے کاروبار کی بندش ڈالنے کیلئے، خلقت میں ذلت و رسوائی برائے دشمنان بڑھانے کیلئے عمل کئے جاتے ہیں۔ بہتر ہے کہ اس خاص وقت کو بغض اور عداوت کی نظر نہ کیا جائے بلکہ استغفار کیا جائے۔

ہبوط مریخ 14 تا 16 ستمبر

مریخ کا تعلق رات سے ہے یہ سیارہ جب قطب جنوب میں ہوتا ہے زیادہ طاقت ور ہوتا ہے، لہذا اس دوران سیارہ مریخ کی قوتوں سے مدد لینی چاہئے، قطب جنوبی کو اس سیارہ کو شرف، اوج، ترفع، فرح جیسی قوتیں حاصل ہوتی ہیں جبکہ قطب شمال میں یہ سیارہ زوال پذیر ہو جاتا ہے۔ اس دوران اس کو حضیض، ہبوط، زوال، وبال کی نحس حالتیں ہو جاتی ہیں۔ لہذا جب مریخ قطب جنوب میں ہو تو اس کی ان قوتوں سے فائدہ اٹھانا چاہئے۔

ساعت ہبوط مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
جمعہ	14	11:08 تا 12:10	/	جنوب	18:25 تا 19:23	شمال مغرب
ہفتہ	15	08:03 تا 09:04	15:13 تا 16:14	شمال مغرب	22:11 تا 23:10	شمال مشرق

وہ افراد جن کا تعلق برج حمل عقرب سے ہے، اس وقت میں ان کا سیارہ مریخ کمزوری کی حالت میں ہے۔ ایسے افراد کے دل میں خوف، بزدلی، سستی، کاہلی پیدا کرنے کیلئے عمل کیا جاتا ہے۔ خصوصاً دل، جگر اور معدہ کے امراض بھی مسلط کئے جاسکتے ہیں۔ ناحق کرنے والا واصل جہنم ہوگا۔

شرف عطارد 17 ستمبر

عطارد کا تعلق دن، رات سے ہے یہ سیارہ جب قطب شمال میں ہوتا ہے، زیادہ طاقت ور ہوتا ہے، لہذا اس دوران میں سیارہ عطارد کی قوتوں سے مدد لینی چاہئے، قطب شمالی میں اس سیارہ کو شرف، اوج، ترفع، فرح جیسی قوتیں حاصل ہوتی ہیں جبکہ قطب جنوب میں یہ سیارہ زوال پذیر ہو جاتا ہے، اس دوران اس کو حضیض، ہبوط، زوال، وبال کی نحس حالتیں ہو جاتی ہیں، لہذا جب عطارد قطب جنوب میں ہو تو اس کی ان قوتوں سے فائدہ اٹھانا چاہئے۔ عطارد کو علم، قوت قلم کا ستارہ مانا جاتا ہے۔ قریبی عزیزوں سے بھی عطارد کا تعلق ہے۔ جس میں خصوصاً والدین اور بہن بھائی شامل ہیں۔ اس وقت میں عمل خاص کئے جاتے ہیں۔

ساعت شرف عطارد

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
ہفتہ	17	11:33 تا 12:08	/	شمال	18:17 تا 19:20	مشرق

عطارد شمس کے ہمراہ رہتا ہے، اس وجہ سے اس کو دن اور رات کا سیارہ مانا جاتا ہے۔ شرف عطارد کے وقت میں عدالتی اور پنچایتی فیصلے اپنے حق

(نوٹ) درج بالا تمام ساعت ملتان وقت کے مطابق ہیں، دیگر شہروں کا فرق وقت جمع نفی کر لیا جائے۔ (ادارہ)

میں کرانے کیلئے، ذہنی امراض کو دور کرنے کیلئے، عقل ناقص کی تقویت کے لئے، یا وہ بچے جو کہ تعلیمی طور پر کمزور ہوں ان کی قوت علم بڑھانے کیلئے، ناراض رشتہ داروں کی ناراضگی دور کرنے کے لئے یا من پسند رشتہ حاصل کرنے کے لئے یا جسمانی و روحانی پیچیدہ امراض دُور کرنے کے لئے یا روحانی علوم کے حصول کے لئے درج بالا ساعتوں میں اعمال کئے جائیں گے۔عطارد کی دھات تانبا ہے۔نقش مخمس آتشی چال سے پُر کریں۔پُر تاثیر ہوگا اور اثرات جلد ظاہر ہوں گے۔

نقوش کی چال اور دیگر قواعد مکتبہ روحانیات سے شائع ہونے والی کتاب ''اسرار حروف صوامت'' میں خاص طور سے شامل کئے گئی ہے۔جس میں تمام تر ترکیبی نقوش کی چال، عناصر اربعہ کے مطابق پہلی بار منظر عام پر آئے ہیں۔جو کہ اس سے قبل پاکستان کی کسی دوسری کتاب میں نہ ہیں۔قارئین مزید رہنمائی حاصل کرنے کیلئے کتاب ''اسرار حروف صوامت'' کا مطالعہ کریں۔

قارئین تحفہ روحانیات سے التماس ہے کہ نقوش اور عبارت عمل کی خود بھی پڑتال کرلیں۔ادارہ کی جانب سے ان باتوں کا خاص خیال رکھا جاتا ہے مگر پھر بھی غلطی کا احتمال ہے۔خاص طور سے قرآنی آیات کی قرآن پاک سے پڑتال کریں۔بہت باریکی سے خیال رکھنے کے باوجود دینی عبارات یا قرآن پاک آیات کی کمپوزنگ غلطی لاعلمی میں ہوسکتی ہے۔قارئین خود بھی احتیاط کریں۔ **(ادارہ)**

حالت قمر

قمر در عقرب: یکم ستمبر 23:49 تا 04 ستمبر 02:03

ہبوط قمر: 02 ستمبر 03:04 تا 04:43

قمر در ثور: 16 ستمبر 00:26 تا 18 ستمبر 13:06

شرف قمر: 16 ستمبر 04:28 تا 06:31

شادی بیاہ کی تاریخیں

4,5,9,10,11,12,16,17,23,24

ماہ رواں محفل دعائے خاص

سورہ مزمل سوالاکھ ادارہ روحانیات کی جانب سے قارئین کی مشکلات، پریشانیوں اور مصائب سے نجات کیلئے الواح اور نقوش کے علاوہ چند قارئین کی دلی خواہش پر محفل دعائے خاص کا اہتمام کیا گیا ہے۔یہ اجتماعی سوالاکھ سورة مزمل انشاء اللہ ہر نوچندی جمعرات کو مکمل ہوگا۔اس سوالاکھ میں ہر خاص و عام کو دعوت دی گئی ہے کہ وہ اس عرصہ کے دوران ورد کی گئی سورة مزمل قبل از وقت ادارہ کو نوٹ کروائیں۔تاکہ ان کے مطلوبہ مقصد میں کامیابی کیلئے دعائے خاص میں نام لے کر اس مقصد کو پورا کرنے کی خاص دعا کی جائے۔

اس دوران ورد کی گئی تعداد سورة مزمل بہ نیت اجتماعی سوالاکھ 08 ستمبر 2011ء سے قبل رسالہ کے آخر میں دیئے گیا کوپن ادارہ کے ایڈریس پر ارسال فرمادیں۔اس ماہ محفل دعائے خاص انشاء اللہ 08 ستمبر 2011ء کو ہوگی۔


منجانب: چیف ایڈیٹر تحفہ روحانیات
ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ
0300-6351192

شرفِ زحل الہامات جفر لوح شعاد سیارگان


تحریر
شعیب الرحمٰن شاہ
(ایبٹ آباد)

اس سال شرف زحل 17 ستمبر 2011 کو 11:33 تا 18 ستمبر 00:27 قائم ہوگا۔

اس وقت کی مناسبت سے طلسمات افلاطونی سے دو طلسم لیکر حاضر ہوں۔ یہ لوح ہر قسم کے تحفظ کیلئے کام دے گی۔ مثلاً سحر جادو سے تحفظ حاصل ہوگا۔ جنات پری، بھوت آسیب دشمنوں سے تحفظ لا علاج امراض کیلئے شفا رہے۔ بلکہ جو لوگ دن بدن بیماری میں مبتلا رہتے ہیں یا دولت کی ضرورت ہو تو ان طلسمات کو بنوا کر پاس رکھیں اسکے پاس ہوتے ہوئے ایسا محسوس کریں گے کہ کوئی غیبی طاقت گردو پیش ہے۔ یہ لوح خالص چاندی پر اگر اسکی بھی توفیق نہ ہو تو خالص گولڈن کاغذ پر تیار کریں۔ پھر چالیس دن تک 313 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھا کریں۔ اس لوح کی برکت سے اللہ پاک سے اسباب بنائے گا کہ چند دنوں میں غنی ہو جائیں گے۔



طلسم خصوصی دولت



فالج کا قرآنی علاج

مریض کو چاہئے اگر کھڑے ہو کر ممکن ہے تو نماز شب ادا کرے اور اس کے درج درج ذیل دعا چودہ مرتبہ اول و آخرت مرتبہ درود شریف کے بعد پڑھا کریں یہ عمل 31 روز تک مسلسل انجام دینے سے فالج کا مریض بالکل صحت یاب ہوجائیگا۔ بعد از نماز شب یہ دعا پڑھا کریں۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَدۡعُوۡكَ دُعَا الذَّلِیۡلِ الۡفَقِیۡرِ اَدۡعُوۡكَ دُعَاءَ! مَنۡ شَتَدَّتۡ فَاقَتُهٗ وَ قَلَّتۡ حِیۡلَتُهٗ وَضَعُفَ وَ اَلَحَّ عَلَیۡهِ الۡبَلَاءُ۝

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے ۝ بے شک جو لوگ ایمان لائے، پھر کفر کیا، پھر ایمان لائے، پھر کفر کیا پھر اپنے کفر میں بڑھتے ہی چلے گئے تو اللہ ان کو ہرگز معاف نہیں کرے گا اور نہ کبھی ان کو سیدھا راستہ دکھائے گا۔ (سورۃ النساء، ترجمہ آیت 137)

رحمکاریہ جفر حاضرات ارواح

آج کی محفل میں بہت سے لوگوں کی فرمائش پر عمل حاضرات ارواح کے ساتھ حاضر ہوں۔ ارواح کے بارے میں زیادہ تر لوگوں سے سنا اور دیکھا گیا ہے۔ ہر شخص اس کے بارے میں لکھتا ہے اور آج کل بازاروں میں ہزاروں کتب فروخت ہو رہے ہیں۔ اس عمل میں زیادہ تر دھوکہ اور فراڈ ہوتا ہے۔ ہر شخص یہ دعویٰ کرتا ہے۔ بلکہ آج کل کے عاملوں پر تو یقین ہی نہیں۔ ہر شخص جس سے بھی لوگ ملتے ہیں تو وہ کہتا ہے کہ میرے پاس جنات / مؤکلات ہیں، کچھ عرصہ قبل ایک شخص نے اخبار میں اشتہار دیا تھا کہ حروف تہجی کے جتنے بھی موکل ہیں اس کے قبضے میں ہیں۔ یہ تو عام سی بات ہے۔ آج کل تقریباً تمام خواتین و حضرات تسخیر ارواح، تسخیر موکلات اور تسخیر جنات وغیرہ شائق ہیں۔ مگر انہیں یہ معلوم نہیں کہ یہ کام جس قدر آسان نظر آتا ہے اس قدر آسان نہیں بلکہ بہت ہی مشکل ہے۔ مگر یاد رہے جب منزل مل جائے تو راستوں کی تمام مشکلات و پریشانیاں انسان بھول جاتا ہے۔ جو خواتین و حضرات اس عمل کو کرنا چاہیں تو ان پر لازم ہے کہ مندرجہ ذیل شرائط پر پابند رہیں۔ تب کامیابی کی سیڑھی پر چڑھ جاتا ہے۔

پہلی شرط: ترک حیوانات ضرور کریں، یعنی گوشت، دودھ، گھی، پیاز اور لہسن جیسی چیزیں وغیرہ نہ کھائیں۔ کھجور اور اُبلی ہوئی چیزیں کھالیا کریں، کم کھانا، کم سونا کم بولنے پر عمل کریں۔

دوسری شرط: پانچ وقت نماز اور درود سلام کے پابند رہیں۔ اپنے عمل کے بارے میں کسی کو نہ بتائیں۔

شرط نمبر 3: عمل شروع کرنے سے پہلے چہار کل آیت الکرسی کا حصار باندھیں، کھانا بھی اس شخص کا پکا ہوا کھائیں جو پانچ وقت نماز اور شریعت کا پابند ہو۔

چوتھی شرط: وہ خواتین و حضرات جو کوئی بھی تسخیر ارواح کا عمل کریں وہ ہر ایک سے اس بات کو پوشیدہ رکھیں اس میں آپ کی بھلائی ہے۔ اگر آپ ظاہر کریں گے تو عمل میں رکاوٹیں آئیں گی۔ عمل چھوٹ جائے گا، اگر صبر اور محنت سے عمل کرتے رہے تو اللہ پاک کے فضل و کرم سے کامیابی یقینی ہے۔ ہمارے پشاور کے علاقے میں کچھ دوستوں نے اس عمل کو کیا مگر اپنی کم عقلی کی وجہ سے وہ ناکام ہوئے۔

پانچویں شرط: عمل کرنے والے خواتین حضرات سے میری گزارش ہے کہ وہ آبادی سے دور کسی ویران جگہ میں کوئی مکان تلاش کریں جہاں کسی کا آنا جانا نہ ہو اور اس کے قریب قبرستان ضرور ہو، جب حاضر کا عمل شروع ہو جائے تو ایسی پڑھائی سے وہ کام رکھیں اور یہ راز کسی پر ظاہر نہ کریں۔ ایک عامل نے حاضری کا عمل کیا، کامیاب ہوگیا۔ یہ عمل 1591 مرتبہ روزانہ پڑھنا ہے اور ہر نماز کے بعد 1100 مرتبہ کلمہ طیبہ اور درود شریف پڑھنا ہے اور بلند آواز سے یہ سلام بھی کرنا ہے۔

ہر نماز کے بعد جو پڑھائی کرے، یعنی درود اور کلمہ طیبہ کی۔ پھر ایک مرتبہ یہ سلام کرنا ہے یہ عمل مجھے سلسلہ چشتیہ کے ایک مشہور بزرگ علامہ حفیظ الرحمٰن نقوی صاحب سے بطور تحفہ ملا ہے۔ یہ عمل میں آپ لوگوں کی نذر کرتا ہوں جس کا شوق ہو وہ کریں۔ مگر کرنے سے قبل 70 مرتبہ ضرور سوچیں۔ پیچھے اجازت دینے والا کامل ہو تو کامیابی یقینی ہے۔ یہ عمل بیمار حضرات بھی نہ کریں۔ اس دوران جو کچھ عجائبات عامل دیکھیں کسی کو نہ بتائیں۔ جب آخری دن ارواح حاضر ہو جائیں ان سے عہد اور شرائط لے کر رخصت کریں اور جو شرائط وہ بتائیں وہ اپنے پاس لکھیں، پھر اُن شرائط کی پابندی کریں۔ پھر بھی جب آپ اس عمل میں کامیاب ہو جائیں تو کسی پر ظاہر نہ کریں کہ آپ کے کیا ہے اور وہ شرائط کسی کو نہ بتائیں۔ عمل کا طریقہ میں نے مکمل لکھ دیا ہے، پھر بھی کسی کو سمجھ نہ آئے تو ماہر روحانیات ایاز مزمل حسین شاہ صاحب یا مجھ سے رجوع کریں۔

عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالْاَرْوَاحِ بِحَقِّ اَللّٰهُمَّ يَا قُدُّوْسُ تَقَدَّسْتَ الْقُدُسِ وَالْقُدُسُ فِيْ قُدُسِكَ يَاقُدُّوْسُ بِحَقِّ حضرت سليمان عليه السلام ـ بن داؤد عليه السلام ـ يَا قوم ارواح حاضر شو، حاضر شو، حاضر شو بِحَقِّ لَاۤاِلٰهَ اِلَّا اللّٰه محمد الرَّسُوْلُ اللّٰه ـ

یہ عمل 41 دن تک 1591 مرتبہ پڑھنا ہے۔ اللہ پاک سے دعا ہے کہ اللہ پاک آپ لوگوں کو کامیاب کریں۔ (آمین)

درستگی فرمالیں: گزشتہ شمارہ میں "فضائل اسمائے حسنیٰ" کے نام سے شائع ہونیوالے مضمون میں نام "تحریر: صوفی مشتاق چشتی صابری (لاہور)" کے بجائے "تحریر: صوفی چشتی صابری" شائع ہوا۔ مذکورہ غلطی سہواً ہوئی ہے۔ قارئین سے گزارش ہے کہ نام کی تصحیح کرلیں۔

انوار الجفر

طلسم دولت و طلسم صحت

لوح طلسم خصوصی دولت انوار الجفر کے کمالات میں سے ہے، طلسم دولت صدیوں سے اکثر لوگوں کی تلاش رہا ہے۔ تسخیر دولت اس طلسم کی برکت سے بے اندازہ دولت کے اسباب پیدا ہوں گے یا جس کا کاروبار چلتے چلتے روک گیا ہو یا سحر جادو کے زور سے بند ہو گیا ہے ترقی و کامیابی ترقی دولت ترقی فتوحات کے لئے یہ لوح اس کی کامیابی کی ضمانت بنے گی، اس طلسم کی برکت سے کچھ ہی عرصہ میں دولت کے ایسے وسائل پیدا ہوں گے جس سے عقل حیران رہ جائے گی۔

طلسم دولت وہاں بھی کام کرتی ہے جہاں انسان کے پاس روپے کی کمی ہو یا پیسہ کسی کو دیا ہوا ہو اور وہ واپس نہ ملتا ہو اور قرضہ کی وجہ سے پریشان ہو تو یہ طلسم بنوا کر پاس رکھیں۔ اللہ پاک ایسے اسباب بنائے گا جس سے عقل حیران ہوگی اور اس پر تھوڑے ہی عرصہ میں فتوحات کے دروازے کھل جائیں گے اور خوشحالی لوٹ آئے گی۔

طلسم خصوصی صحت کے فوائد مندرجہ ذیل ہیں:

وہ بیماری جو لاعلاج ہو چکی ہو جس کا کوئی حل کسی طرح نہ نکل رہا ہو، گردے کی پتھری ہو یا کمر میں درد، سر میں درد ہو یا جوڑوں میں درد ہو، آسیب کا مرض، مرگی ہو یا جنات کا اثر، کسی بدبخت نے سحر جادو وغیرہ کیا ہوا ہو یا کسی کے ہاں اولاد نہ ہوتی، کینسر یا شوگر کا مرض لاحق ہو گیا ہو یا ایسی بیماری ہو گئی ہو جس کا کوئی حل یا علاج نہ ہو تو اس طلسم کی برکت سے اللہ پاک شفائے کامل عطا فرمائے گی، چاندی کی ایک ہی تختی پر ایک طرف طلسم خصوصی دولت لکھیں اور 40 پرچیوں پر زعفران و عنبر سے یہ طلسم لکھ کر روزانہ ایک ایک پرچی پیا کریں۔ روزانہ اس کے ساتھ چھوٹی سی پڑھائی بھی کرنی ہے، روزانہ 70 مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیا کریں اللہ رب العزت کے فضل و کرم سے صحت بالکل ٹھیک ہو جائے گی۔ یہ لوح ہر ماہ نو چندی جمعہ کو تیار ہوتی ہے، اس کے علاوہ شرف شمس، شرف زحل، شرف مریخ، شرف عطارد میں بھی تیار کی جاتی ہے یا ستاروں کی سعادت مند نظر میں بھی تیار کی جاتی ہے۔ مثلاً تسدیس یا تثلیث زہرہ مشتری کے ساتھ سعد نظر ہو اس میں تیار کی جاتی ہے۔

میں نے اپنی طرف سے مکمل تفصیل لکھ دی ہے، پھر بھی کسی کو سمجھ نہ آئے تو بلا معاوضہ جوابی لفافہ بھیج کر مجھ سے رجوع کر سکتے ہیں۔

یٰسٓ ۝ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ


بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

حمٓ	حمٓ	حمٓ	حمٓ	حمٓ	حمٓ	حمعسق
حمٓ	حمٓ	حمٓ	حمٓ	حمٓ	حمعسق	حمٓ
حمٓ	حمٓ	حمٓ	حمٓ	حمعسق	حمٓ	حمٓ
حمٓ	حمٓ	حمٓ	حمعسق	حمٓ	حمٓ	حمٓ
حمٓ	حمٓ	حمعسق	حمٓ	حمٓ	حمٓ	حمٓ
حمٓ	حمعسق	حمٓ	حمٓ	حمٓ	حمٓ	حمٓ
حمعسق	حمٓ	حمٓ	حمٓ	حمٓ	حمٓ	حمٓ

حمٓ ۝ تنزیل الکتٰب من اللّٰہ العزیز العلیم ۝

وَکَفٰی بِاللّٰہِ شَہِیْدًا ۝ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بحق پنجتن پاکؑ بحق شہدائے کربلا فلاں بن فلاں کو شفائے کامل عطا فرما۔ بحق مولا علیؑ مشکل کشا۔



رحمکاریہ جفر عمل دست غیب

سب سے پہلے اللہ پاک رب العزت کا لاکھ لاکھ شکر ہے پھر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر لاکھوں کروڑوں درود وسلام۔

دست غیب مالی آسودگی، ادائیگی قرض، خصوصی دولت، مسائل کے حل، رزق میں برکت، ترقی دولت، ترقی دفتوحات، دشمنوں سے حفاظت، مقدمہ میں کامیابی کیلئے یہ عمل بہت طاقت ور ہے، اگر کسی پر قرضہ کا بوجھ ہو وہ اترنے کی کوئی راہ نظر نہ آتی ہو تو اس عمل کو مکمل یقین اور توجہ سے کریں، اللہ پاک ایسے اسباب پیدا فرمائے گا کہ عقل حیران ہو جائے گی، اس کے علاوہ کسی قسم کی پریشانی ہو، اس کا حل نہ ملتا، یا کسی سحر جادو کا اثر ہو یا دشمن نے زمین تنگ کر رکھی ہو، اس سے نجات کے لئے اس عمل کو کریں، اس عمل کی برکت سے تمام پریشانیاں اور قرضے ختم ہو جائیں گے یہ عمل میرے برسوں کے معمولات خاص میں ہے۔ سب سے پہلے ایسی جگہ تلاش کریں جو آبادی سے دور ہو، ترکیب یہ ہے کہ دو چلوں تک چارپائی استعمال میں نہ لائیں، فرش یا زمین یا تخت پر سوئیں، جو زمین سے زیادہ اونچا نہ ہو۔

دو رکعت نماز نفل عشاء کی نماز کے بعد پڑھیں، نیت دست غیب کے لئے ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ القدر 41، 41 مرتبہ پڑھیں، سلام پھیر کر 313 مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں۔ اب پانچ روپے کے پانچ سکے حاصل کر کے اپنے پاس محفوظ کر لیں۔ یہ سکے شرف قمر میں حاصل کریں، پہلے سکے پر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام لکھیں، دوسرے سکے پر حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا نام مبارک لکھیں، تیسرے سکے پر حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا نام لکھیں۔ چوتھے سکے پر حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ اور پانچویں سکے پر حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کا نام لکھیں۔ اس طریقہ سے پانچ سکوں پر پنجتن پاک کے نام بزرگ لکھیں۔ اس کے لکھنے کا خاص وقت بھی لکھ دیتا ہوں۔ شرف قمر یا چاند کی چودھویں میں جس میں قمر در عقرب نہ ہو قمر کی ساعت میں ان سکوں پر پنجتن پاک کے نام لکھیں۔

پہلے سکے کو سبز رنگ کے کپڑے میں بند کر کے مشرق کی طرف لٹکائیں، دوسرے سکے کو آسمانی رنگ کے کپڑے میں بند کر کے مغرب کی طرف لٹکا دیں۔ تیسرے سکے کو گلابی رنگ کے کپڑے میں بند کر شمال کی طرف لٹکا دیں۔ چوتھے سکے کو سفید ریشمی کپڑے میں بند کر کے جنوب کی طرف لٹکا دیں۔ پانچویں سکے کو سبز اور گلابی رنگ کے کپڑے میں لپیٹ کر کسی صندوق میں محفوظ جگہ پر رکھ دیں، اب پہلے سکے پر 92 مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر دم کریں، دوسرے پر 135 مرتبہ درود ابراہیمی اور سورۃ اخلاص پڑھ کر دم کریں۔ تیسرے سکہ پر 110 مرتبہ درود ابراہیمی، 110 مرتبہ ناد علی شریف پڑھ کر دم کریں، چوتھے پر 128 مرتبہ درود ابراہیمی اور 92 مرتبہ سورۃ القدر پڑھ کر دم کریں۔ پانچویں سکے پر 118 مرتبہ درود ابراہیمی اور 35 مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کریں۔ تمام پڑھائی کا ثواب پنجتن پاک کو بخش دیں۔

اب روزانہ عشاء کی نماز کے بعد پہلے دن دس مرتبہ ناد علی شریف پڑھیں، دوسرے دن 20 مرتبہ، اسی طرح روزانہ 10 مرتبہ ناد علی شریف کا اضافہ کیا جائے، 40 دن میں 400 مرتبہ آجائے گا۔ اس پر عمل ختم نہیں کرنا ہے، پھر روزانہ 400 سے یعنی 41 ویں دن 400 مرتبہ ناد علی شریف سے 10 مرتبہ روزانہ کم کرنا ہے۔ دوسرے چلہ کے آخری دن 10 مرتبہ رہ جائیگا۔ باقی یہ کل دو چلوں کا عمل ہے بلکہ تین چلوں تک پڑھیں، اس کے تاثرات میں نے اللہ پاک ایسی تاثیر پیدا فرمائے گا کہ عقل حیران ہوگی، اللہ پاک اس عرصہ میں غیب سے ایسا سامان پیدا فرمائے گا کہ بقیہ زندگی محتاج نہ ہوں گے بلکہ فراغت سے بسر ہوگی اور زندگی بھر کا بندوبست ہوگا۔

ایک زمانہ تھا کہ جب اس عمل سے کیمیا کا نسخہ عامل کو تعلیم کر دیتا تھا ایک اور زمانہ تھا جبکہ دفینہ کا پتہ مل جاتا تھا۔ موجودہ دور میں میرے خیال میں پرائز بانڈ یا انعامی سکیموں میں حصہ لے کر عمل کرنا چاہئے۔ بہرحال اس کے متعلق سوچنا بیکار ہے یہ قدرت کا کام ہے کہ وہ کیا بندوبست کرتی ہے اور اس کو کس طرح انعام سے نوازتی ہے۔ باقی دن کے وقت چلتے پھرتے درود ابراہیمی کا ورد رکھیں اور اس کا ثواب پنجتن پاک کو بخش دیا کریں۔

جب تین چلے مکمل ہو جائیں تو اپنے گھر واپس آ کر وہ سکے بھی اپنے ساتھ لائیں، ان سکوں کو صندوق میں بند کر کے رکھیں۔ اس میں کوئی پرہیز نہیں جو شریعت نے منع کیا وہ بھی پرہیز ہے مگر غفلت سے نہ پڑھیں بلکہ توجہ سے پڑھیں۔ اگر عامل کو کوئی چیز وغیرہ دکھائی دے تو اس پر دھیان نہ دیں بلکہ اپنے کام سے کام رکھیں، یہ عمل فقیر کو غنی کر دیتا ہے، عمل بالکل چھوٹا سا ہے مگر پابندی بڑی ہے۔ شروع کے دن ذرا سختی محسوس ہوگی، اس کے بعد آسان ہو جاتا ہے، یہ عمل وہ لوگ نہ کریں جن پر آسیب یا جنات یا مرگی کا کوئی مرض ہو کسی بھی عروج ماہ میں نوچندی جمعرات یا نوچندی اتوار سے اس عمل کو شروع کریں۔ عمل کے دوران کوئی آواز سنائی دے تو اس آواز سے گھبرائیں نہیں۔

ہر قاری کو میں دعوت دیتا ہوں کہ اس عمل کو کریں۔ عمل شروع کرنے سے پہلے پانچ کلو مٹھائی لا کر اس پر 583 مرتبہ درود ابراہیمی 583 مرتبہ سورہ فاتحہ اور سورہ اخلاص پڑھ کر اس کا ثواب پنجتن پاک کو بخش دیں اور پھر یہ مٹھائی کسی سیدزادے کو ہدیہ کریں۔ اس کے ساتھ ناد علی شریف کی زکات کا طریقہ بھی دیکھ دیتا ہوں۔

نادعلی ماہ رجب شعبان، رمضان تین ماہ رجب کی نوچندی جمعرات سے نادعلی شریف روزانہ 313 مرتبہ پڑھیں۔عشاء کی نماز کے بعد **یہ زکوٰۃ عیدالفطر تک پڑھیں** جب عیدالفطر کی نماز پڑھیں تو پانچ کلو مٹھائی لاکر اس پر 110 مرتبہ درود ابراہیمی، 110 مرتبہ سورہ فاتحہ، 110 مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر حضرت علی رضی اللہ عنہ کو سبق کا اور مٹھائی کا ثواب بخش دیں۔ پھر دعا کریں کہ یا اللہ پاک مجھے توفیق دے کہ اس نادعلی شریف سے لوگوں کو فیض پہنچاؤں۔ پھر روزانہ عمل کو قابو رکھنے کیلئے 21 مرتبہ پڑھا کریں، اس کے ساتھ نادعلی شریف کی زکوٰۃ اکبر ادا ہو جائے گی، اس کی زکات دینے میں بھی پرہیز نہیں، دن کے وقت درود ابراہیمی کا ثواب پنجتن پاک کو بخش دیں، روزانہ عمل شروع کرنے سے پہلے نفل حاجات برائے زکات پڑھیں۔ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد 110 مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر اس کا ثواب حضرت علی رضی اللہ عنہ مشکل کو بخش دیں، پھر نادعلی شریف سے ہزاروں کام کئے جاتے ہیں۔

یہ عمل میں نے خصوصی طور پر قارئین کے لئے تحریر کیا ہے، میں ہر قاری کو دعوت دیتا ہوں کہ اس عمل کو پورے اعتماد اور یقین کے ساتھ کریں۔ اللہ پاک ایسے اسباب بنائے گا کہ عقل دنگ رہ جائے گی۔

آخر میں یہ کہوں گا کہ اس عمل کیلئے کسی عامل کامل سے اجازت طلب کریں اگر اس طرح کوئی نہ ملے تو یہ فقیر حاضر ہے، جن لوگوں کے دل میں پنجتن پاک کے لئے بغض ہو وہ زحمت نہ کریں کیونکہ عمل یقین کامل ہو تو تب کامیابی ہوتی ہے۔ ہر شخص اس عمل کو کرسکتا ہے کوئی پابندی نہیں۔ بہت چھوٹا اور سادہ عمل ہے، یہ عمل غریب کو امیر کر دیتا ہے۔ اگر عمل شروع کریں تو پہلے اپنے نام کے اعداد کے مطابق سورہ اخلاص کا ورد کریں۔ عمل کے آغاز سے چند دن قبل مذکورہ بالا سورہ کا ورد اتنی بار کیا جائے کہ آپ کی زبان اور روح میں اس سورہ مبارکہ کی تاثیر پیدا ہو جائے۔

یہ عمل بہت کامیاب اور پُر تاثیر ہے، یہ عمل مجھے سفر عراق، مقدس مقامات میں ایک فقیر عامل سے بطور تحفہ ملا تھا۔ میں نے خصوصی طور پر تحریر کیا ہے۔ جس کا شوق ہو وہ پابندی سے کریں۔

اللہ پاک سے دعا ہے کہ اللہ پاک آپ سب کو عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے پنجتن پاک چودہ معصومین علیہ السلام کے صدقے آپ لوگوں کو کامیاب کرے۔ (آمین)

میں نے اپنی طرف سے مکمل تفصیل لکھ دی ہے، پھر بھی کسی کو سمجھ نہ آئے تو بلا معاوضہ جوابی لفافہ بھیج کر مجھ سے رجوع کر سکتے ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نَادِ عَلِیًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَكَ فِي النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَغَمٍّ وَسَيَنْجَلِي بِعَظَمَتِكَ يَا اللهُ نُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ بِوَلَایَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ۔

رحمکاریہ جفر دعوت حروف تہجی

علم الحروف کے متعلق بہت کم لوگ جانتے ہیں۔ علم الحروف زیادہ تر لوگ مشکل عملیات کو پسند کرتے ہیں، پیچیدہ قوانین ہوں تو زیادہ توجہ دیتے ہیں۔ علم الحروف کے نتائج 99 فیصد درست ہوتے ہیں۔ اگر آپ بھی چاہیں تو اس علم کو سیکھنے کیلئے آزما سکتے ہیں۔ نتائج یقینی بہتر اور حوصلہ افزا ہوں گے۔

قارئین کرام اس بار دعوت حروف تہجی کے حوالہ سے مضمون لے کر حاضر ہوا ہوں۔ یہ طریقہ برسوں سے ہمارے خاندان میں چلتا آرہا ہے۔

سب سے پہلے ان حروف کا عامل بننے کیلئے کسی ایسے عامل کو تلاش کریں جو حروف تہجی کی زکات کا عامل ہو۔ یہ زکات 6 ماہ تک ادا ہوتی ہے۔ اس کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے:

(1) شریعت نے جو پابندی رکھی ہے عامل اس کی پابندی کرے گا۔ عامل روزانہ حروف تہجی ملفوظی 92 مرتبہ لکھے گا اور ساتھ میں کلمہ طیبہ لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ بحق اللھم صلی علی محمد وعلیٰ آل محمد روزانہ 1100 مرتبہ پڑھنا ہے۔ اس کا ثواب پنجتن پاک کو 14 معصومین علیہ السلام کو بخشنا ہے۔ یہ اس میں شرط ہے اگر کوئی اسی طریقہ سے نہ بخششیں تو اس کی زکات ادا نہیں ہوتی، دنیا کی ہر چیز کا ایک قاعدہ ہوتا ہے اور حروف سے کام لینے کیلئے جب تک انسان قواعد عملیات کے تحت عمل نہ کریں تو پھر عمل میں ناکامی ہوتی ہے، مجھ پر مولائے کائنات اور پنجتن پاک کے بہت سے احسانات ہیں، اس محفل میں جو طریقہ زکات پیش کرتا ہوں۔ یہ عمل مجھے بغداد میں حضرت غوث اعظم سید شیخ عبدالقادر جیلانی کی اولاد میں سے ایک جفار عامل سے ملا تھا۔ وہ فرماتے ہیں کہ یہ طریقہ حکیم افلاطون کا ہے جو سینہ بہ سینہ ان کے خاندان میں چلتا آرہا ہے۔

زکات سے پہلے سات رنگ کی مٹھائی لاکر اس پر سورہ فاتحہ سورہ اخلاص اور 92 مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس پر دعا کریں۔ اس کا ثواب پنجتن پاک، چودہ معصومین کو ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبروں کو بخش دیں۔ زکات سے پہلے دو رکعت نماز نفل آدھی رات کو پڑھ کر پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد 41 مرتبہ سورہ اخلاص، دوسری رکعت میں فاتحہ کے بعد 41 مرتبہ سورۃ

القدر پڑھیں ۔سلام پھیر کر 313 مرتبہ درود ابراہیمی، 313 مرتبہ سورۃ الاخلاص، 313 مرتبہ درود خضری پڑھ کر اس کا ثواب پنجتن پاک اور آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بخشیں اور دعا کریں کہ اللہ رب العزت آپ کو فیض پہنچائے ۔انشاء اللہ اس کی برکات سے ہر قسم کی فتوحات حاصل ہوں گی۔ زکات کے کاغذات کو دریا کے کنارے دفن کریں۔ دفن کر کے پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ اللہ پاک کا شکر کریں کہ ایک نعمت ہاتھ آئی ہے۔ زکات دینے کے بعد 111 مرتبہ کلمہ طیبہ کا ورد کریں۔

میں نے مکمل طریقہ لکھ دیا ہے کچھ نہیں چھپایا ہے، علم چھپانا ویسے بھی کفران نعمت ہے جو اُمی اس علم کو حاصل کرنا چاہے ان کو دعوت ہے یہ اس نقیر کی طرف سے قارئین کیلئے تحفہ ہے۔

حروف تہجی ملفوظی یہ ہیں:

الف با جیم دال ہا واو زا حا طا یا

کاف لام میم نون سین عین فا صاد قاف را

تمین تا ثا خا ذال ضا د ظا غین۔

یہ حروف روزانہ 92 مرتبہ لکھنے ہیں اور کلمہ طیبہ جو یہ ہے

لا الٰہ الا اللہ محمد الرسول اللہ بحق اللھم صلی علٰی محمد وّ علٰی آل محمد

روزانہ 1100 مرتبہ پڑھیں یہ کل 6 ماہ کی زکات ہے۔ 6 ماہ میں زکات اکبر کے عامل ہوں گے، میں نے اپنی طرف سے مکمل تفصیل لکھ دی ہے، پھر بھی کچھ سمجھ نہ آئے تو ماہر روحانیات ایاز حسین مزمل شاہ صاحب یا مجھ سے رجوع کر سکتے ہیں۔

رحمکاریہ جفر دعوت کلمہ طیبہ

اکثر میں نے عاملین کو دیکھا ہے کہ وہ عمل کی زکات ادا نہیں کرتے بلکہ اکثر لوگ لمبے لمبے چلے نہیں کرتے اور پھر کہتے ہیں اس میں تاثیر نہیں ہے تاثیر کیونکر پیدا ہو سکتی ہے جو لوگ خداوند کریم کے کلام پاک پر بھروسہ کریں اور باقاعدگی سے ریاضت کریں تو اللہ پاک ایسے اسباب پیدا کرے گا جس سے اس کے عمل میں تاثیر بھی پیدا ہوگی اور فراخی پیدا ہوگی۔ اور اگر انسان کلمہ طیبہ پر غور کریں تو دنیا کی کوئی بھی طاقت اس کی تاثیر کو نہیں روک سکتی۔ جو لوگ کلمہ طیبہ کی زکات ادا کریں۔ اللہ پاک اس پر اپنے فضل و کرم سے آسانیاں پیدا فرمائے گا۔

اللہ کے کسی ولی سے کسی نے پوچھا کہ اب تک تم نے کیا سیکھا ہے؟ تو اس نے جواب دیا کہ میں سیکھ گیا ہوں اور کلمہ طیبہ کا مطلب سمجھ گیا ہوں۔ ویسے تو تمام زکات سوا لاکھ مرتبہ ہوتی ہے مگر اس کے باوجود بھی عمل کی تاثیر ظاہر نہیں ہوتی۔ کلمہ طیبہ کی ریاضت کرنے سے پہلے مندرجہ ذیل شرائط پر عمل کرنا ہوگا۔

(1) عامل کو تقویٰ اور پرہیزگاری اختیار کرنا چاہئے۔ (2) عامل جھوٹ، فریب اور گالم گلوچ سے پرہیز کرے۔ (3) عامل لوگوں کے ساتھ نرم رویہ اختیار کریں۔ (4) عامل کو حلال چیزیں کھانی چاہئیں۔ (5) جلالی جمالی پرہیز کرنا چاہئے۔ (6) عامل پانچ وقت نماز کا پابند ہو (7) عمل کرنے سے قبل عامل کو استغفار کرنا چاہئے۔ (8) عامل کو ماں باپ کا فرمانبردار ہونا چاہئے۔ (9) عامل کو دنیاوی کام میں زیادہ توجہ نہیں دینی چاہئے، اس میں الگ الگ مقام تلاش کر کے محفوظ جگہ میں عمل کا پابند رہے۔ (10) عامل کو اپنے پیر و مرشد کو بھی ثواب پہنچانا چاہئے۔ (ا) شیخ عبدالقادر جیلانیؒ، خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ، حضرت شیخ رحمکار المعروف کاکا صاحبؒ کی ارواح پُر نور کو درود وسلام کا ثواب پہنچانا چاہئے۔ (11) عامل کو درود وسلام کا پابند ہونا چاہئے۔ (12) عامل زمین پر سوئے گا۔ (13) عمل کے دوران قرآن پاک پڑھنا لازمی ہے۔ (14) عامل کو دنیا کی طرف توجہ اور وقت ضائع نہیں کرنا چاہئے۔

اس عمل کی ریاضت کا ایک خاص طریقہ سلسلہ چشتیہ کے ایک مشہور جفار عامل سے بطور تحفہ ملا تھا، آپ لوگوں کی نذر کرتا ہوں۔ روزانہ گیارہ ہزار مرتبہ کلمہ طیبہ کی ریاضت عشاء کے بعد شروع کرنا چاہئے جب یہ کلمہ طیبہ پڑھیں گے تو اس کا ثواب پنجتن پاک چودہ معصومین ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر اور حضرت غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانی اور حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری اور حضرت شیخ رحمکار المعروف زیارت کاکا صاحبؒ کو بخش دیا کریں۔

عامل رات کے وقت کلمہ طیبہ کی ریاضت کرے گا، اس ریاضت کے اوّل و آخر گیارہ سو مرتبہ درود شریف کا ورد لازمی ہے۔ کیونکہ بغیر درود کے عمل میں تاثیر نہیں ہوتی اور درود شریف کی برکت سے جلال بھی کنٹرول میں آ جاتا ہے۔

روزانہ گیارہ ہزار مرتبہ کلمہ طیبہ کی ریاضت کریں۔ یہ دو چلہ تک ریاضت کریں۔

سورۃ الناس

ان سورتوں کا پڑھ کر بچوں پر دم کرنا نظر سے، جادو سے، جن آسیب کے خلل اور جملہ آفات سے بچوں کو محفوظ رکھتا ہے، نیز اس سورت کا پڑھنا پڑھنے والے کو ہر قسم کی آفات سے بچاتا ہے۔ حدیث شریف میں ان سورتوں کا حفاظت کا قلعہ فرمایا گیا ہے۔

فیضان الجفر لوح تحفظ مقطعات نحوست سیارگان، سحر جادو، آسیبی اثرات شرف زحل نظر بد چوری غرقابی حادثات سے نجات

تحریر: شہزادہ منظور علی سموں (ٹنڈو محمد خان)

هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا ثُمَّ اسْتَوٰۤى اِلَى السَّمَآءِ فَسَوّٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَ هُوَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ۔ (البقرہ 29)

ترجمہ: اور اس نے تمہارے لئے رات دن اور سورج اور چاند کو کام میں لگا دیا اور ستارے اس کے حکم سے مسخر ہیں۔ بے شک اس میں دلائل ہیں ان لوگوں کے لیے جو سمجھ رکھتے ہیں۔

کچھ نجمین صاحبان نے عوام کے ذہن میں وسوسے پیدا کر دیئے ہیں سستی شہرت حاصل کرنے کے لیے من گھڑت باتیں پھیلا رہے وہ فرماتے ہیں کہ شرف زحل کو بھول جائیں یہ شرف فیض نہیں دے گا۔ ان کا کہنا ہے کہ بوقت شرف زحل سیارہ شمس و زحل میں قران ہوگا اور سیارہ زحل سیارہ شمس کی شعاعوں میں آ کر غروب ہو جائے گا۔ عوام کیا پہلے کم پریشان ہے۔

محترم قارئین تحفہ روحانیات! میں آپ کو بتاتا چلوں کہ ایسا کچھ بھی نہیں ہے۔ شمس سیارہ زحل کا کچھ نہ بگاڑ سکے گا۔ سیارہ زحل اپنے شرفی برج میزان کے 21 درجہ پر مکمل طاقت میں ہوگا جبکہ سیارہ شمس اس وقت بالکل کمزور حالت ہبوط میں جکڑا ہوا ہوگا۔ شمس کی دوسری کمزوری یہ بھی ہوگی کہ بوقت شرف زحل شمس و قمر میں نحس نظر مقابلہ ہوگی اور شمس کی تیسری کمزوری یہ بھی ہوگی کہ خاتمہ شرف زحل کے وقت شمس و قمر میں نحس نظر تربیع ہوگی یعنی شرف زحل جیسے ہی شروع ہوگا تو شمس کمزور ہو چکا ہوگا۔ شرف زحل کے اول سے آخر تک شمس خود کمزور حالت میں ہوگا جو کہ شرف زحل کا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکے گا۔

قارئین تحفہ روحانیات کی خدمت میں شرف زحل کا مجرب عمل قرآنی لوح تحفظ مقطعات نورانی لے کر حاضر ہوا ہوں۔ قرآن مجید کی 29 سورتوں کے اول میں حروف مقطعات نورانی آئے ہیں۔ حروف مقطعات نورانی قرآن مجید کے ان مخفی رموز و اسرار میں سے ہیں جو معجزانہ طور پر بے شمار اسرار رکھتے ہیں۔ حروف مقطعات نورانی میں محب و محبوب کے درمیان پوشیدہ اسرار راز و نیاز کی باتیں ہیں جن کو اللہ، اس کا رسول اور راسخین فی العلم ہی بہتر جانتے ہیں۔

استادان نجوم کے مطابق تمام سیارگان میں سیارہ زحل کو نحس اکبر تسلیم کیا گیا ہے۔ انسانی زندگی مکمل طور پر ستاروں کے اثرات سے متاثر ہوتی ہے۔ اگر ستارے بلند ہوں تو انسان کو تخت و تاج کا مالک بنا دیتے ہیں اور اگر ستارے گردش میں ہوں تو انسان کی زندگی کو ناکارہ بنا دیتے ہیں۔ عقلمند انسان ہی ایسے سعد و مبارک اوقات سے فیض حاصل کرتے ہیں۔

اوقات شرف زحل:

ابتداء: 12 اکتوبر 2 بج کر 03 منٹ دوپہر

خاتمہ: 20 اکتوبر 6 بج کر 42 منٹ شام

فوائد لوح تحفظ:

حفاظت نحوست سیارگان، حفاظت سحر جادو آسیب نظر بد، حفاظت چوری، غرقابی، آتشی واقعات، حادثات، حفاظت گولی، بم تیر تلوار، حفاظت نشہ جوا زنا اور ہر قسم بد فعلی، حفاظت مکان دکان زمین جائیداد، حفاظت قید اغوا، حفاظت مال و دولت، اس کے علاوہ زمین و جائیداد کی خرید و فروخت سے فائدہ، خطرناک امراض سے نجات، زنانہ ہر امراض سے نجات کے علاوہ ہزاروں فوائد ملیں گے۔

لوح کی تیاری:

بوقت شرف زحل مکمل قواعد عملیات کے مطابق سیسہ یا کاغذ پر تیار کریں اور اپنے پاس رکھ لیں، فوائد شروع ہو جائیں گے۔

لوح تحفظ

۷۸۶

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	آلٓمٓ	آلٓمٓصٓ	الٓرٰ
آلٓمٓرٰ	کٓھٰیٰعٓصٓ	طٰهٰ	طٰسٓمٓ
طٰسٓ	یٰسٓ	صٓ	حٰمٓ
حٰمٓعٓسٓقٓ	قٓ	نٓ	اپنا نام لکھیں

☆☆☆☆

قوت یافتہ شرف زحل

حقائق شرف زحل

تحریر: ماسٹر شوکت علی بروھی (جنگ شاہی ٹھٹھہ)

قارئین کرام! معلوم رہے کہ گزشتہ 6 ماہ سے مختلف ماہنامہ روحانی رسالوں میں متوقع شرف زحل کے بارے میں روحانی فیض حاصل کرنے کے کئی اعمال اور بحث مباحثات میری نظر سے گزر رہے ہیں، اس ضمن میں چند ایڈیٹر صاحبان نے بھی اس موقع پر بندہ احقر کو اپنی تجویز تحریر کرنے کے لئے گزارش کر رکھی ہے جن کی آراء کا احترام کرتے ہوئے شرف زحل کے متوقع اوقات اور اعمال نقش آپ کی خدمت میں تحریر کر رہا ہے۔ امید ہے کہ ان پر عمل کر کے ضرور مستفید ہوں گے اور بندہ کے حق میں دعا کریں گے۔

پہلی بات تو آج کل یہ سامنے آئی ہے کہ اس مرتبہ شرف زحل کے درجہ پر سیارہ زحل نئیارہ شمس کے قریب ہو کر تحت الشعاع کے زیر اثر ہو کر کمزور ہو جائے گا۔ جس کی وجہ سے لوح شرف زحل بے اثر ثابت ہوگا۔ اس ضمن میں میرے حلقہ کے ایک روحانی عامل صاحب ہاتف غیبی سے مشورہ کیا گیا۔ جنہوں نے فتویٰ دیا کہ شرف زحل قوت میں ہے، جس کی علمی دلیل میں نے ایک پرانی نجوم کی کتاب میں پڑھی ہے۔

حکیم غلام قادر کی تحریر شدہ کتاب جو کہ مارچ 1961ء میں شائع ہوئی ہے جس کا نام مراۃ النجوم ہے۔ جس کے صفحہ نمبر 26 اور 27 پر تحریر شدہ ایک فارمولہ درج ہے جس کے مطابق سیارہ شمس جس گھر میں حرکت کر رہا ہو اس برج میں جتنے بھی سیارگان اس کے ہمراہ ہوں گے ان کی قوت ختم ہوتی ہے۔ صرف 2 سیارگان کی قوت شمس کے ہمراہ قائم رہتی ہے۔ سیارہ زہرہ اور زحل دیگر کسی کی نہیں، اس قاعدے کے مطابق شرف زحل 12 اکتوبر کو ہی متوقع ہے، اگر کسی صاحب کو کوئی شک ہے تو وہ بلا شک وشبہ ہندی نجوم کے تحت شرف زحل کا نقش الواح تحریر کروائے۔ انڈیا کے مشہور منجم بی وی رامن (ایڈیٹر اسٹرالوجی میگزین) کے مطابق زحل کا شرف برج سنبلہ کے 28 درجہ اور 20 دقیقہ پر ہوتا ہے۔ اس تحقیق کی تائید ماضی میں ڈاکٹر ایوب تاجی مرحوم نے بھی ایک ماہنامہ میں کر دی ہے۔ شیخ طارق مسعود، چیچہ وطنی بھی ایک ماہنامہ میں رقمطراز ہیں کہ زحل کو برج سنبلہ کے 28 درجہ اور 20 دقیقہ پر شرف اعلیٰ حاصل ہوتا ہے۔ اس قاعدے کے مطابق ہندی نجوم یعنی نریانہ سسٹم کے تحت شرف زحل 30 اکتوبر کو ہوگا۔

زحل کا شرف یا اوج قسمت سے ہی ملتا ہے۔ باوضو ہو کر درود شریف پڑھ کر سیسے کی تختی پر کسی نوکدار قلم سے کندہ کر لیں۔ اس وقت لوبان یا کوئی اگربتی بھی جلا کر خوشبو کا اہتمام کریں۔ نقش یا فتاح یا رازق یہ ہے۔ اس کے ساتھ ہی 33 کا نقش مثلث ہے جو پشت پر لکھیں، ساتھ ہی زحل کا طلسم ہے یہ بھی لکھیں۔

الحق	۷۸۶ یاجبرائیلُ			هوالله
یاعزرائیلُ حفیظ	۱۹۸	۵۳۳	۶۶	یااسرافیلُ حفیظ
	۴۶۷	اللهم احفظنی من نحوست الزحل	۳۳۰	
	۱۳۲	۲۶۴	۴۰۱	
وله	یامیکائیلُ			الملک

طلسم = ۲۱۴۹S۱۱

نقش کی پشت پر 33 کا نقش تحریر کریں جو کہ یہ ہے:

۷۸۶		
۱۲	۷	۱۴
۱۳	۱۱	۹
۸	۱۶	۱۰

لوح تحریر کرنے کے بعد کچھ مٹھائی پر فاتحہ دے کر بچوں میں تقسیم کر دیں اور حسب توفیق خیرات کریں اس لوح کے درمیان میں عزیمت **اللھم احفظنی من نحوست الزحل** تحریر کریں تو اس جگہ پر اپنا اور اپنی والدہ کا نام ضرور تحریر کریں۔ اس لوح کو نیلے یا کالے کپڑے میں موم جامہ کر کے پاس رکھیں، چمڑے میں بند کر کے بازو پر باندھ سکتے ہیں، اگر خیال ہو کہ سیسے کی تختی اگر نہ ملے یا بھوج پتر نہ ملے تو ایسی صورت میں سفید کاغذ پر نیلی یا کالی روشنائی سے بھی یہ نقش لکھا جا سکتا ہے، جسے تانبے کے تعویذ میں بند کر کے گلے میں پہن لیں یا چمڑے میں بند کر کے پہن لیں۔

رحمکاریہ جفر "شرف عطارد"

تحریر: سید شعیب الرحمٰن شاہ (ایبٹ آباد)

لوح شرف عطارد کے دوران خالص تانبہ پر کندہ کریں۔ پھر اسکو اپنے پاس رکھیں۔ اسم اعظم **یَا رَحْمٰن یَاغَنِی یَا عَزِیْزُ (550)** مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ ان عاملوں کو دعوت دیتا ہوں جن کے تسخیر رجوع خلائق ہو۔ وہ یہ لوح تیار کروائیں۔ پھر خداوند کریم کے فضل وکرم سے اس لوح کا کمال دیکھیں۔ یہ رحمکاریہ جفر کا ایک پرتاثیر اور چلتا ہوا عمل ہے۔ عامل ایک سال تک اللہ پاک کے فضل وکرم سے غنی ہوجائیں گے۔ اور ہر دروازہ کھل جائیں گے۔ یہ وقت اس لیے پُر تاثیر ہے کہ شمس اپنے ترقی برج میں موجود ہے اور زہرہ بھی ترقی برج میں موجود ہے اور زہرہ بھی طاقتور ہے یہ لوح اگر خود تیار کر سکے تو مجھ سے ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے تیار کروائیں۔ یہ لوح بہت پُر اثر ہے۔ اللہ پاک آپ سب کو عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

نقش کی چال

۱	۷	۱۳	۱۹	۲۵
۱۴	۲۰	۲۱	۲	۸
۲۲	۳	۹	۱۵	۱۶
۱۰	۱۱	۱۷	۲۳	۴
۱۸	۲۴	۵	۶	۱۲

یَامَجِیدُ رفیعُ نعم النَّصیر

یفعل	الله	مایشاء	ویحکم	مایرید
۳۵۴	۸۵	۲۶۱	۱۹۱	۶۷
۲۶۲	۱۹۲	۶۸	۳۵۵	۸۱
۶۹	۳۵۱	۸۲	۲۶۳	۱۹۳
۸۳	۲۶۴	۱۹۴	۶۵	۳۵۲

یَامَجِیدُ رفیعُ نعم النَّصیر

وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيدًا مُحَمَّدٌ الرَّسُوْلُ اللّٰه

اور پشت لوح پر اسمائے موکلات وعزیمت لکھیں۔

اُجب یا حفطیائیلُ یا حنظیائیل یا مَوکیائیلُ یا حنظائیلُ سَخّر لِخلقکَ مِنَ الارضِ وَالسّماءِ البَحرِ وَالبرِوَالجِن وَالاِنس لَمَا سَخرَ لِداؤدَ سلیمَانَ عَلَیهِ السّلام۔

رحمکاریہ جفر شرف عطارد

اس سال شرف عطارد 17 ستمبر 2011 صبح 11:32 منٹ سے رات 12:46 منٹ تک رہیگا شرف عطارد میں اس وقت تسخیر افلاطونی کا ایک خاص عمل حصول کامیابی امتحانات، فتوحات کیلئے جفری طریقہ کے ساتھ حاضر ہوں عمل کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔ **ولقد مکانکم فی الارض جعلنا لکم فیھا معایش** (اعداد شمسی=13509

مقصد فتح وجمعیت آیت **نصرُ مِنَ اللّٰهِ وَفَتحٌ قَرِیب**

اعداد شمسی=6282 طالب شعیب الرحمٰن اعداد شمسی=2950

کل اعداد=22741 تفریق=7800

باقی=14941 (تقسیم=4) باقی=1

توخانہ نمبر 13 میں 1 کا اضافہ اب خانہ نمبر 1 سے خانہ نمبر 16 تک 260 کا اضافہ کرنا ہے اور ساتھ میں **یَامَالِکُ القَدُوس** کا ورد کرنا ہے اسطریقہ سے میزان چاروں طرف سے درست آئیگی آخر میں مجھ گنہگار سید شعیب الرحمٰن شاہ اور محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کے حق میں دعائے خیر کریں اللہ پاک برکت دیں۔

اَللّٰه	۷۸۶		اَللّٰه
۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

له هو

شرف عطارد

تحریر سحر کاظمی (لاہور)


جب عطارد بارہ بروج کا دورہ چھ سات ماہ میں مکمل کر لیتا ہے۔ اس لحاظ سے اس کا قیام ہر برج میں تقریباً 18 دن ہوتا ہے۔ نوروز سے 20 یوم گزر جائیں تو مشرق کی طرف نظر آئے گا اور 20 سے 70 یوم تک سبز مائل بہ سرخی رنگ میں نظر آتا رہتا ہے۔

شرف عطارد کے احاطہ میں بہت سے عوامل شامل ہیں۔ جن میں سے اہم ترین ادب، فصاحت و بلاغت، علم و بصیرت، حساب و کتاب، دقیق مسائل، تمریزات فہم وسائل، رسل رسائل، بچہ کو بغرض تعلیم علم کے سپرد کرنا۔ اس کے علاوہ کامیابی امتحان، ترقی کے عمل، عطارد کے شرف میں کیے جاتے ہیں اور شرف عطارد 17 تا 18 ستمبر کو آ رہا ہے۔ آپ اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے تجارت، روزگار، نوکری، تعلیمی کارکردگی، بہتری حافظہ و صحت وغیرہ کے عمل کر سکتے ہیں اور نقش بنا سکتے ہیں۔ یہاں میں چند نقش پیش کر رہا ہوں جو درست اور طاقت ہیں۔ آپ ان سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

یہ عمل ترقی عقل، ذہانت میں اضافہ، امتحان میں کامیابی کے لئے زود اثر ہے۔ ایک نقش اپنے پاس بنا کر رکھیں، ایک نقش ہوا میں لہرائیں یعنی کسی درخت سے باندھیں۔

۸۷۶۰		
۳۹۴۸	۳۱۵۸۴	۱۱۸۴۴
۱۹۷۴۰	یہاں مقصد لکھیں	۲۸۶۳۶
۲۳۶۸۸	۱۵۷۹۲	۷۸۹۶

اس طلسم کو چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کر کے پاس رکھیں۔ یہ ہر طرح کی نحوست اور ترقی امتحان اور ترقی علم کے لئے بہت فائدہ مند ہے جو کہ حکیم افلاطون اور حکیم مطلم ہندی کے بتائی ہے۔



اس نقش کو شرف عطارد پر بنا کر اپنے پاس رکھیں یا چاندی پر کندہ کروا کر اپنے پاس رکھیں۔ انشاء اللہ تمام راستے کھل جائیں گے۔ ذیل میں دی گئی عبارت عمل کو اپنے ورد میں شامل کر لیں۔

اللہ خالق، رزاق، فتاح، واسع، واجد باسط اللہ			
اللہ	خالق	رزاق	فتاح
خالق	رزاق	فتاح	واسع
رزاق	فتاح	واسع	واجد
فتاح	واسع	واجد	باسط
واسع	واجد	باسط	اللہ

خشک میوے، پھل اور سبزیاں کھائیں، وزن گھٹائیں

امریکہ میں ماہرین کی ایک ٹیم نے پتہ چلایا ہے کہ ریشے دار غذاؤں جیسے خشک میوے، پھل، دہی اور سبزیوں کے استعمال سے وزن میں کمی میں زبردست مدد ملتی ہے۔ ہارورڈ سکول آف پبلک ہیلتھ کے محققین کا کہنا ہے کہ اس قسم کی غذاؤں کے استعمال سے چکنائی والی غذاؤں کیلئے کم جگہ رہ جاتی ہے۔ ایک لاکھ بیس ہزار افراد کے ساتھ کی جانے والی یہ سٹڈی نیو انگلینڈ جرنل آف میڈیسن میں شائع ہوئی ہے۔ محققین کے مطابق ان کے سامنے جب یہ بات آئی کہ وزن بڑھانے میں سب سے زیادہ حصہ آلو چپس اور فرائز کا ہے تو انہیں کوئی حیرانگی نہیں ہوئی۔ اس قسم کی چیزیں روزانہ کھانے سے چار سال کے اندر وزن میں 31 پونڈ کا اضافہ ہو سکتا ہے۔ اسی طرح کرسپس، میٹھے مشروبات اور گوشت جیسی غذائیں زیادہ کھانے والوں میں بھی یہی مسئلہ ہوتا ہے۔ اس طرح جو لوگ دہی سبزیاں پھل اور مکمل اناج وغیرہ استعمال کرتے ہیں تو ان میں وزن بڑھنے کا امکان بہت کم ہوتا ہے۔ مثلاً زیادہ دہی کھانے سے وزن میں 0.37 اور زیادہ سبزیاں کھانے سے 0.1 کلو کمی ہوتی ہے۔

شرف حصول ملازمت عطارد

تحریر: خضر عباس پیاسی (راجن پور)

شرف عطارد کے موقع پر قارئین تحفہ روحانیات کے لئے حصول رزق یا حصول ملازمت کا ایک عمل لے کر حاضر ہوا ہوں۔ یہ عمل منسوب آئمہ کرام سے ہے۔ امید ہے قارئین فائدہ اٹھانے کے بعد دعاؤں میں یاد رکھیں گے۔ خاص ساعت شرف عطارد کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ عمل بجالایا جائے ، یقیناً کامیابی ہوگی۔ اس ماہ شرف عطارد 17 ستمبر بروز ہفتہ اپنے درجات کو پہنچ رہا ہے۔ فطرت کا تقاضا ہے کہ ہر حال میں انسان رحمت خداوندی کا منتظر رہتا ہے۔ لاکھ گناہ کرنے کے باوجود انسان اللہ تعالیٰ سے اپنا تعلق قائم رکھتا ہے اور اس ذات کی طرف سے رحمت اور نعمت کا انتظار کرتا ہے ایسا کیوں ہوتا ہے اس کا جواب مذہب اسلام میں اس طرح ملتا ہے کہ ہر انسان جب پیدا ہوتا ہے تو مذہب اسلام پر پیدا ہوتا ہے لیکن جس ماحول میں پرورش پاتا ہے تو اس کے اثرات اس کی ساری زندگی پر مرتب ہوتے ہیں۔

لفظ مایوسی آس وامید سے نکلا ہے، امید اس سے کی جانی چاہئے جو کام کرنے کی صلاحیت وطاقت رکھتا ہو اور خود کسی کا محتاج نہ ہو۔ دنیا وآخرت کی ہر چیز ہر قوت وطاقت ضرور نہ کسی نہ کسی کی محتاج نہیں اسے ہم "اللہ" کہتے ہیں کیونکہ اللہ ہر چیز پر قوت وطاقت رکھتا ہے۔ اس لئے انسان ہر حال میں لاکھ گناہ کرنے کے باوجود اللہ کی رحمت سے مایوس نہیں ہوتا۔

میں منتظمین کا شکر گزار ہوں کہ ان کی وساطت سے میرا پیغام تمام مومنین کے لئے مشعل راہ ثابت ہو رہا ہے۔ آج کے اس معاشی پریشانی اور نفسا نفسی کے دور میں ہر آدمی پریشان نظر آتا ہے۔ میں اپنے ان پڑھے لکھے نوجوانوں سے گزارش کرتا ہوں کہ اگر آپ کو باعزت روزگار نہیں ملتا یا پھر اپنے مقصد کی تلاش میں سرگرداں ہے تو ایک مرتبہ تجربہ شرط ہے۔ عمل کریں کامیابی ضرور ملے گی۔

عمل شروع کرنے سے قبل اس کی چند شرائط آپ کو ماننا پڑیں گی۔ اس کے بعد آپ کو روزگار یا نوکری یا جس مقصد کے حصول کے لئے عمل کریں گے نہ ملے تو میں اس کا ذمہ دار ہوں گا، شرائط مندرجہ ذیل ہیں۔ عمل کرنے سے قبل وقت ساعت شرف عطارد اپنے گھر یا مسجد کا کونہ صاف کریں اور تنہا بیٹھ جائیں اور اپنے آپ کو اللہ کے سامنے حاضر وناظر جان کر خلوص دل سے گزشتہ گناہ کبیرہ وصغیرہ کی توبہ کریں سب سے پہلے اپنے آپ کو پنجگانہ نماز کا پابند بنانا ہوگا۔ قبل شرف عطارد کو آپ نے غسل کرنا ہے پاکیزہ لباس زیب تن کریں، بعد نماز عشاء اول وآخر ایک تسبیح درود شریف **اَللّٰھُمَّ صلِ علٰی محمد و آلِ محمد** پڑھیں۔ اس کے بعد 1400 مرتبہ **یَا وَھَابُ** پڑھیں۔ اس ورد کے بعد 666 بار اسم اللہ پڑھیں۔ تانبا کی انگوٹھی اکثر وبیشتر بازار سے مل جاتی ہے جس میں لکھنے کی جگہ چھوڑی ہوتی ہے۔ اس انگوٹھی کی بالائی سطح پر متذکرہ بالا اسم الٰہی یا اللہ، یا وہاب وقت شرف عطارد کندہ کریں۔ بعد ورد اس پر دم کریں اور دائیں ہاتھ کی سب سے چھوٹی انگلی میں پہن لیں۔ جو لوگ تانبے کی انگوٹھی نہ بنوا سکیں وہ یہ تمام عمل فیروزہ پر بھی تیار کر سکتے ہیں، اس عمل کے دوران آپ نے گفتگو ہرگز نہیں کرنی اور جمعہ کے روز بعد نماز صبح آپ نے 14 تسبیح **اللھم صل علی امام موسیٰ کاظم علیہ السلام** کی پڑھنی ہیں۔ یہ دونوں عمل آپ نے مسلسل بلا ناغہ 66 دن جاری رکھنے ہیں۔ اس عمل کی برکت سے اس دورانیہ میں آپ کیلئے ملازمت یا روزگار کا سلسلہ بفضلہ تعالیٰ منعقد ہو جائیگا۔ (نگینہ یا انگوٹھی تیار کروانے کیلئے ادارہ سے رابطہ کریں)

مثانہ کی پتھری

اس میں درد خصیہ پر ورم اور پیشاب کی تنگی کا آسان علاج حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے جو آدمی مثانہ کی پتھری کی بیماری میں مبتلا ہو تو اسے چاہیے ذیل کی آیات کو سوتے وقت تین مرتبہ اور بیدار ہونے کے بعد ایک مرتبہ روزانہ برابر پڑھا کرے۔

اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ○

اس کے علاوہ اسے چاہیے ہلیلہ، بلیلہ، فلفل سیاہ، فلفل دراز، دارچینی، شقاقل، زنجبیل، انیسوں اور خولنجان ہم وزن لے کر ان کا سفوف کر کے اور ان کے برابر شہد یا چینی ملائیں ہر مرتبہ بادام کے وزن کے برابر کھلایا کریں سنگریزہ پیشاب کے راستہ سے خارج ہو جائے گا۔

عمل الحب

تحریر
عابد جعفری
(کھوڑ)

درج ذیل عمل حکیم لال گوبند کا ہے۔ جنہوں نے یہ عمل حکیم مانک سنگھ مانی اباوان ہندی کو عطا کیا تھا جس کو حکیم صاحب نے 1956ء میں ایک انڈین میگزین ''سبھادنا'' میں شائع کروایا تھا۔ بقول حکیم صاحب کے اس عمل کا آدھا حصہ ''داستوکھتا'' میں درج ہے مگر مکمل عمل راز سینہ ہے، یہ عمل قدیم سنسکرت زبان میں ہے اور حب میں چلتا ہوا جادو ہے۔ اس عمل سے کام لینے کا طریقہ یہ ہے: ذیل کا منتر اس طریقے سے پڑھنا ہے کہ ایک لوہے کا برتن لے کر اس میں ریت بھر دیں اور نہایت ہلکی آنچ پر رکھ دیں اور خود اپنا بایاں ہاتھ ریت میں ڈال کر عمل کو اونچی آواز میں پڑھنا شروع کر دیں۔ جب محسوس ہو کہ حدت ریت برداشت نہیں ہو رہی تو پڑھنا ختم کر دیں اور برتن کو اٹھا کر فوراً کسی مٹی کے برتن میں ڈال دیں اور اوپر سے مضبوط کر کے باندھ دیں اور کسی چلتے ہوئے پانی میں بہا دیں، واپسی پر مڑ کر نہیں دیکھنا۔ یہ عمل غریب سے لے کر بادشاہ تک یکساں اثر انداز ہوتا ہے۔ چار گھنٹوں میں مطلوب کو اپنی لپیٹ میں اس طرح لے لیتا ہے جس طرح سانپ باز و پر لپٹ جاتا ہے۔ لوگ حب کے اعمال کے متلاشی رہتے ہیں لیکن میرا یہ دعویٰ ہے کہ وہ اس عمل کو ضرور آزمائیں اور قدرت کا تماشہ دیکھیں اس عمل کو میں نے من وعن بیان کر دیا ہے لیکن بہتر ہوگا کہ کرنے سے پہلے مشورہ کر لیں ہو سکتا ہے کوئی بات ایسی ہو جو کہ احاطہ تحریر میں نہ لائی جا سکتی ہو۔

شَنھَتْ کَبِیرَنْ کَرِشَنْتَرانْ اَوْنَکھ
زِبْدَتْ ھَنُتَ شَھَنُتَ
وَشَھَنُتَ وَشیٰ اَنْتَرا

اسی ہندی رسالے میں حب کا ایک غضب کا مسان بنانے کا طریقہ بھی درج ہے۔ یہ عمل پنڈت وجے گوپال نے دیا ہے یہ ایک سیمیاوی طلسم ہے، ایک جونک لے کر اس کو ایک پانی کے برتن میں چھوڑ دیں۔ تین روز ایک ہی وقت پر اس کو پانی سے باہر نکال کر اپنے خون کے چند قطرے اس پر ڈال دیں۔ جب وہ پی لے تو اس کو دوبارہ پانی میں ڈال دیں چوتھے روز سرخ رنگ کی بوتل میں ڈال کر سورج کے مقابل رکھ دیں جب سورج غروب ہونے کو آئے تو اس کو بوتل سے نکال لیں جونک مر چکی ہوگی۔ اب اس کو باریک پیس لیں یہ حب کا ایک لاجواب مسان ہے۔ یہ عمل تجربہ شدہ ہے۔ اور آج تک ناکامی کا منہ نہیں دیکھنا پڑا۔

شرف عطارد..........دعوت حروف تسخیر

شرف عطارد میں اکبر عالمین جفر حروف تسخیر کی زکات نکالتے ہیں۔ آج کی محفل میں تحفہ روحانیات کیلئے دعوت حروف تسخیر کے ساتھ حاضر ہوں۔ اس سال شرف عطارد 17 ستمبر 11:33 تا 18 ستمبر 00:27 قائم ہو رہا ہے۔ اسمیں وہ ناکام عاشق جو گلیوں میں مارے مارے پھرتے ہیں اور عشق نے برباد کیا ہوا ہے اور عالمین عملیات سے دھوکہ کھاتے ہیں یا میاں بیوی میں محبت یا تسخیر خلق، تسخیر فتوحات، رجوع خلق ترقی مرتبہ اور تسخیر دولت کے کاموں میں استعمال ہونے اور حروف تسخیر اکبر کی زکات دے کر اپنی زندگی بنائیں۔ حروف تسخیر اکبر مندرجہ ذیل ہیں۔

ا-د-خ-ک-م-س-ف-ق-ر-ش-ت-ی-ح-ذ-ض-ظ-غ

ان حروف کو 2100 مرتبہ کالی سیاہی سے لکھ دیں یہ اب آپکی مرضی ہے کہ ایک دن میں لکھیں یا ایک ہفتہ میں لکھیں۔ اس کے علاوہ یہی عمل شرف زحل جو کہ 12 اکتوبر 14:03 تا 20 اکتوبر 18:42 قائم ہو رہا ہے۔ اس میں بھی اس زکات کو ادا کر سکتے ہیں۔ لیکن لکھنا صرف شرف زحل کے درمیان ہے۔ زکواۃ دینے سے پہلے دو رکعت نماز نفل حاجات پڑھ کر 5 کلو مٹھائی لا کر 1100 مرتبہ درود ابراہیمی 1100 مرتبہ سورۃ فاتحہ اور سورہ اخلاص پڑھ کر اسکا ثواب پنجتن پاک ؑ کو چودہ معصومین ؑ کو ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبروں کو، حضرت داتا گنج بخشؒ میرے پیر و مرشد حضرت امام زین العابدین علیؑ کو حضرت شیخ رحمکار المعروف زیارت کاکا صاحب کو حضرت امام جعفر صادقؑ کو اور حضرت امام غوث الاعظم حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کو حضرت خواجہ معین چشتی کو بخش دیں۔ اور یہ دعا کریں کہ یا اللہ پاک حضرت محمدؐ کے صدقے مجھے ایسی توفیق بخشدے کہ ان حروف سے اچھے کام لے سکوں۔ اس عمل کی اجازت ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے لے لیں۔ اور محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کے حق میں دعائے خیر کریں۔ اللہ پاک سے دعا ہے کہ اللہ پاک سب کو عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

فیوض العملیات: اعمال مجربات

تحریر
محمد قسور حسین
میلسی

آج کی محفل میں چند مجرب اعمال آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں ،امید ہے یہ سلسلہ آپ کو پسند آئے گا اور آپ ان اعمال کو اپنے عمل میں لا کر ضرور بالضرور فائدہ حاصل کریں گے۔ قارئین آپ جو بھی عمل کریں وہ یکسوئی قلب سے کریں کیونکہ عملیات میں کامیابی کیلئے جو سب سے اہم نقطہ ہے وہ یکسوئی قلب کا ہے۔ یکسوئی قلب کے بغیر اعلیٰ سے اعلیٰ عمل بھی کیے جا رہے ہیں لیکن پھر بھی بے اثری کا رونا ہے۔ کوئی بھی عمل ہو آپ یقین اور یکسوئی سے کریں۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔ اب اعمال کی طرف آتے ہیں۔

(1) دکان و کاروبار خوب چلے:

چاند دکھائی دینے کے بعد جو پہلا پیر کا دن آئے تو سورج طلوع ہونے کے بعد یہ نقش پہلی ساعت میں زعفران سے لکھیں دو عدد نقش قبلہ رخ ہو کر لکھیں لیکن لکھنے سے پہلے 100 بار درود ابراہیمی پڑھیں یا جو بھی یاد ہو جب نقش لکھ لیں تو پھر 300 بار درود شریف پڑھ کر ان دونوں نقوش پر پھونک دیں، پھر ایک نقش دریا یا نہر یا تالاب میں ڈال دیں اور دوسرا نقش دکان یا مال میں رکھ دیں، انشاء اللہ خوب فائدہ ہوگا اور اگر ایک پیر (سوموار) تک کوئی فائدہ نہ ہو تو پھر دوسرے نقش کو دریا میں ڈال دیں اور پھر اوپر والے طریقے پر دو نقوش لکھیں۔ انشاء اللہ خوب فائدہ ہوگا اور آپ کا جی خوش ہو جائے گا۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

۱۲۷	۱۳۰	۱۳۳	۱۲۰
۱۳۲	۱۲۱	۱۲۶	۱۳۱
۱۲۲	۱۳۵	۱۲۸	۱۲۵
۱۲۹	۱۲۴	۱۲۳	۱۳۴

(2) حسب منشا ملازمت کیلئے:

ملازمت کے سلسلے میں پریشان لوگ نماز مغرب کے بعد دو رکعت نماز نفل پڑھیں۔ ہر رکعت میں الحمد کے بعد گیارہ مرتبہ قل ھو اللہ احد (سورہ اخلاص) پڑھیں۔ پھر گیارہ بار یہ عمل پڑھیں۔ 11، 21 یا 41 دنوں کے اندر آپ کا کام ہو جائے گا۔

لا الہ الا اللہ بزرگی وجباری...... لا الہ الا اللہ رحیمی وغفاری

لا الہ الا اللہ الٰہی مرا بہ طلق نہ گزاری...... فوضت امری

اِلَی اللّٰهِمَّنْ لِیْ سِوَاكَ مَلْجَائِیْ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْن۔ اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِیْ فَوْزًا بِفَضْلِكَ وَكَرَمِكَ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْن۔ اَللّٰهُمَّ یَا بَاسِطَ الْیَدَیْنِ بِالْعَطَا یَا خَیْرُ اَنْتَ بِالْغَیْبِ رَحِیْمٌ اَنْتَ بِالْعِبَادِ۔

(3) برائے محبت جائز:

جس عورت کا خاوند سخت مزاج ہو اور اولاد نافرمان ہو وہ عورت کھانا باوضو پکائے اور کثرت سے پڑھے:

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ یَا وَدُوْدُ مِنْ كُلِّ وَدُوْدٍ بِحَقِّ یَا وَدُوْدُ

سالن کی ہانڈی آٹا گوندھتے وقت اور روٹی پکاتے وقت پڑھتے رہیں اور تھوڑی تھوڑی دیر بعد دم کرتے رہیں، انشاء اللہ شوہر یا اولاد کھائے گی تو ضرور فرمانبردار ہو جائے گی۔ جائز محبت کے لئے یا ودود 4000 بار پڑھے اور صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ والی دعا اوپر والی ہر ہزار کے بعد 20 بار پڑھے اور کسی بھی چیز پر دم کر کے کئی دن کھلائے، ضرور کام ہوگا اور اگر کھلا نہ سکتے ہوں تو 21 دن کریں، کام ہو جائے گا۔

(4) بیماری کو دفع کرنا:

اگر آپ خود بیمار ہیں یا کوئی عزیز تو اس آیت پاک کو 40 تعویز لکھ کر زعفران سے صبح شام ایک تعویز پانی میں گھول کر پلائیں اور دم بھی روزانہ چند بار پڑھ کر کرتے رہیں تو شفا کامل نصیب ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔

(5) اگر گھر میں خون کے چھینٹے آتے ہوں یا غیبی چیزیں تنگ کرتی ہوں:

اگر گھر میں خون کے چھینٹے آتے ہوں اُس کی وجہ سے گھر کے لوگ اکثر بیمار رہتے ہوں یا کوئی چیز غائبانہ چلتی نظر آئے تو اس کو دفع کرنے کیلئے یہ چند

نقوش بنائیں گھر میں لٹکائیں پانی میں گھول کر پئیں اور گھر میں چھینٹے ماریں اور اپنے پاس بھی رکھیں۔ انشاء اللہ شفا ضرور ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۱۲۷۳	۱۲۷۶	۱۲۷۹	۱۲۶۵
۱۲۷۸	۱۲۶۶	۱۲۷۲	۱۲۷۷
۱۲۶۷	۱۲۸۱	۱۲۷۴	۱۲۷۱
۱۲۷۵	۱۲۷۰	۱۲۶۸	۱۲۸۰

قُل ھو اللہ اَحد یا جبرائیل اللّٰہُ الصَّمَد یا میکائیل لم یلد ولم یولد یا اسرافیل ولم یکن لہٗ کُفُواً اَحد یا عزرائیل

(6) مصیبت و پریشانی سے چھٹکارا:

اگر آپ کسی بھی مصیبت میں مبتلا ہیں کوئی دشمن ہے مال و اسباب کی تنگی ہے اولاد نافرمان ہے، الغرض کوئی بھی معاملہ ہے تو اس ترکیب کو اللہ کے بھروسے پر سچے دل اور خلوص نیت سے اس عمل کو شروع کردہ کارساز حقیقی آپ کے بگڑے کام ضرور سنوار دے گا۔ عروج ماہ میں جمعرات کے روز روزہ رکھیں۔ شام کو صرف کھجور یا کھیر وغیرہ سے افطار کریں اس کے علاوہ کوئی چیز نہ کھائیں۔ ضرورت ہو تو پانی پی سکتے ہیں۔ کوئی بدبودار و نشہ آور چیز استعمال نہ کریں۔ نماز مغرب کے بعد ایک سو ایک مرتبہ یہ آیت پڑھیں:

"اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ"

اوّل و آخر درود پاک پڑھیں۔ 11 بار۔ اور اگر ہر بار ساتھ میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھیں تو زیادہ اچھا ہے ورنہ شروع میں ایک بار ضرور پڑھ لیں اور عمل ختم کر کے نہایت عاجزی سے دعا کریں اور اس مصیبت کا نام لیں جس کے لئے عمل پڑھا ہے۔ دوسرے روز کسی بھی وقت یہ آیت 101 بار پڑھ لیا کریں، روزہ رکھنے کی دوبارہ ضرورت نہ ہے۔ انشاء اللہ کچھ دنوں میں تمام مصیبتیں دور ہوں گی، بعد ازاں صدقہ کریں۔

(7) خونی و بادی بواسیر کا علاج:

اس مرض کے مریض اگر گولیاں کھا کھا کر تنگ آ چکے ہوں تو اس نقش کو چاندرات کو لکھ کر ناف پر باندھے، انشاء اللہ شفا کاملہ نصیب ہوگی۔

۷۸۶

۱۲	۳۵	۳۸	۵
۳۷	۶	۱۱	۳۶
۷	۴۰	۳۳	۱۰
۳۴	۹	۸	۳۹

خونی و بادی بواسیر ختم شود

عملِ محبت جفر

تحریر: حضرت حیات وارثی (کراچی)

قارئین تحفہ روحانیات! شرف عطارد کے اس خاص موقع پر ایک عمل محبت جفر (عمل محبت) لے کر حاضر خدمت ہوں، یہ عمل محبت اس قدر پُر تاثیر ہے کہ مطلوب وقت میں آپ کا کام کردے گا اس عمل میں کسی قسم کا پرہیز نہیں ہے۔ ناجائز کیا تو جان کے لالے پڑ جائیں گے۔ اس لئے سوچ سمجھ کر کریں۔ عمل کا طریقہ یہ ہے کہ خاص ساعت عطارد جو کہ رسالہ تحفہ روحانیات میں شائع کردی گئی ہے، عمل توجہ اور دھیان مطلوب کی جانب ہو خیالات منتشر نہ ہوں۔ اس ساعت میں عمل کی سطر اول کے مفرد الفاظوں کو مفرد ہی پڑھا جائے، یعنی ب د و ح ک م س اس طرح پڑھ کر پورا عمل پڑھیں۔ اس عمل سے حاضری مطلوب کے لئے پاک صاف ہو کر تنہا کمرے میں خوشبو جلائیے اور عمل کا ورد شروع کریں۔ اول آخر سات بار درود شریف پڑھنا ضروری ہے۔ انشاء اللہ 7 دن حد 14 دن میں مطلوب سامنے آ جائے تو جب تک وہ خود بازو سے پکڑ کر نہ اٹھائے تب تک کھڑا ہو کر ہم کلام نہ ہوں، جب مطلوب بازو سے پکڑ کر اٹھائے تب ہی اس سے بات کریں، بُرا خیال یا نیت ہرگز نہ کی جائے ورنہ جان کی خیر نہیں۔ جائز مطلب کے لئے اس عمل کو کیا جائے۔ پڑھنے کا وقت عشاء کی نماز کے بعد کا ہے۔ ایک ہزار بار مطلوب کا تصور کر کے پڑھنا چاہئے، اپنے گرد حصار ضرور کریں۔ (نوٹ) حصار صرف ماحول کے لئے ہے یہ عمل کسی قسم کا خوف نہیں دیتا مگر اس عمل کی تاثیر اس قدر تیز ہے کہ اول تو پڑنے کے تیسرے دن ہی مطلوب کی شکل میں موکل حاضر ہوجاتا ہے اور دور ہی دور سے عمل بند کرنے کے لئے کہتا ہے۔ مختلف باتیں کر کے باہر آنے کے لئے کہتا ہے اور اگر عامل غلطی سے حصار سے باہر آ جائے تو موکل غائب اور عمل ضائع ہو جاتا ہے اس لئے کہ اس عمل کا موکل صرف مطلوب کی شکل میں آ کر عمل بند کروانے کی کوشش کرتا ہے۔ اس لئے کسی قسم کا خوف کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ یاد رہے صرف اصل مطلوب ہی حصار کے اندر داخل ہو کر آپ کو اٹھائے تب ہی عمل کامیاب ہوگا۔ اس عمل میں پرہیز کسی قسم کا نہیں ہے۔ عمل لوچندی جمعرات سے شروع کیا جائے۔ عمل یہ ہے

ب د و ح ک م س ف ر ت خ ض کرو
قل ھو اللہ فلاں بنت فلاں کو حاضر کرو
حاضر کرو حاضر کرو شتاب

مجرب حصار

کتاب "اسرار حروف صوامت" سے اقتباس

تحریر
منظور علی سموں
ٹنڈو محمد خان

عملیات کی دنیا میں بعض اوقات حصار کی ضرورت ہوتی ہے۔ حصار ایک قسم کا پختہ قلعہ ہے۔ جس میں صاحب عمل ہر قسم کے خطرات سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ حصار کی عبارت کو پڑھنے سے متعلقہ موکلات عامل یا صاحب عمل کی حفاظت کرتے ہیں۔ اعمال جلالی' اعمال جفر باموکل عملیات میں حصار لازمی قرار دیا گیا ہے۔ موکلات یا مخفی قوتوں' کے ہر حربے سے بچنا صرف حصار سے ہی ممکن ہے۔ اس کے علاوہ بعض اوقات مسافت' جنگلی جانوروں' چوروں' آتشی و آبی خطرات' دشمنان کے خوف سے حفاظت کیلئے بھی حصار کی ضرورت پڑ جاتی ہے۔ حصار کرنے سے عامل کی دل کو یقین و تسلی مل جاتی ہے۔ کتاب اسرار حروف صوامت کو مد نظر رکھ کر یہاں کچھ مجرب حصار پیش کر دیتا ہوں۔ تاکہ حروف صوامت کے نحس اثرات ورجعت ہونے سے بچا جائے حروف صوامت کی رجعت بھی بڑی ہی خطرناک ہوتی ہے۔ اس لئے حصار لازمی کیا کریں۔

حصار نمبر 1:۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم' آگے محمدؐ۔ پیچھے محمدؐ۔ سیدھے ہاتھ کو حضرت امام حسینؓ۔ اور الٹے ہاتھ کو حضرت امام حسینؓ۔

کلید داؤد ۔ قفل سلیمان ۔ پیغمبر نگہبان پاک ذات ۔ لااله الله محمد رسول الله یا حفظ یا حفیظ یا ناصر یا نصیر یا رقیب یاوکیل یا الله یا الله علیقا ملیقا خالقاً مخلوقاً کافیاً شافعاً مرتضیٰ ۔ بحق یا بدوح و ننزل من القران ماهو شفاء و رحمة للمومنین ماه لو ساور ضاتن دو دعوة رد بلية در رجال الغيب بحق جناب حضرت محمد ﷺ کھلا کھلا ارحم ارحم ترحم عقد تم عقد تم فرفلیس یا الله کو سلیمان بن دائود علیه اسلام بندشو بند شو بند شو۔

ترکیب:۔ یہ حصار ہر عمل میں کام آتا ہے۔ اس حصار کو زبانی یاد کر لیں۔ اگر ایک جلسہ میں چالیس ہزار دفعہ پڑھے۔ اور مکمل ترک حیوانات ۔ پرہیز جلالی جمالی وغیرہ تو اس حصار کہ عامل ہو جائیں گے۔ بوقت ضرورت اس حصار کو قائم کریں۔ اس حصار کو عزیز رکھنا چاہیے۔

حصار نمبر 2:۔ حصار بدنی:۔ یا حلیم یا کریم یا حافظ یا حفیظ یا ناصر یا نصیر یا رقیب یا وکیل یا اللہ یا اللہ بحق کھیعص حم عسق میں نے اپنے آپ کو حرز کی لا الہ الا اللہ سے میں نے اپنا حصار کیا محمد رسول اللہ سے۔

ترکیب:۔ مندرجہ بالا حصار بدنی کو تین دفعہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے تمام بدن پر ہاتھ پھیر لے۔ کوئی بھی چیز نقصان نہ پہنچا سکے گی۔ رجعت نہ ہوگی۔

حصار نمبر 3:۔ فریاد فریاد فریاد بدرگاہ تو بدستی مصطفیٰ ﷺ و بدستی علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم و حسن مجتبیٰ' و حسین شہید کربلا آنچہ مطلوب می دارم برا دھرام رسال بعد میں ایک بار آیۃ الکرسی اور چاروں قل تین تین بار پڑھ کر اپنے گرد حصار کریں۔ یعنی ہر طرف منہ کر کے دم کر دے اور کلمہ کی انگلی پر دم کر کے اپنے گرد حصار کریں۔

نوٹ:۔ یہ حصار ہر قسم اعمال کے علاوہ دشمن کے خطرے۔ دشمن جان ہو یا ایمان دشمن درندے ہوں یا انسان سحر جادو آسیب وغیرہ سے ہر حال میں حفاظت ہوگی۔

حصار نمبر 4:۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لا الہ کا کوٹ الا اللہ کی کھائی شاہ مردان کی چوکی بحق محمد مصطفیٰ ﷺ کی دھائی۔

ترکیب:۔ تین دفعہ پڑھ کر سیدھے ہاتھ کی انگلی شہادت پر دم کر کے سر کے اوپر سے انگلی گھما کر تین دفعہ دونوں ہاتھوں سے تالی بجائے۔ جہاں تک تالی کی آواز جائے گا وہاں تک حصار قائم ہو جائے گا۔ یہ حصار جنگل سفر ہر آفت و دشمن سے حفاظت کرے گا۔ ہر اعمال میں مضبوط قلعہ ہے۔

حصار نمبر 5:۔ لا الہ الا اللہ ہر جانشین۔ محمد رسول ﷺ برز بانش عصائے کلیم اللہ در جگرش۔ و مہر حضرت سلیمانؑ بر دہانش۔

ترکیب:۔ ۲۱ دفعہ ۱۱ دفعہ یا کم سے کم ۳ دفعہ پڑھ کر سارے بدن پر دم کر کے ظالم۔ جابر کے سامنے بے دھڑک چلا جائے کامیابی ہوگی۔ اور ظلم جابر سے حفاظت ہوگی۔

حصار نمبر 6:۔ **حفاظت برائے مکان**

حصار: ۰ دھ حصار' بتر حصار' ساٹھ کوٹ' باون تکوار۔ گل کھائی۔ اگن پچھلی کھائی۔ اگن پچھلی کھائی چون کرتھا۔ ایک سولا کھ اتیار۔ اس مکان کے کت کے پند کی کریں رکھوالی۔ ترکیب:۔ ۴ عدد سر شف۔ ۴ عدد آہنی کیل لیں۔ سر شفوں پر ۱۱۔ ۱۱ دفعہ پڑھ کر دم کریں۔ اور آہنی کیلوں پر ۷ دفعہ پڑھ کر دم کریں۔ اب سر شفوں کو اور آہنی کیلوں کو ایک ایک کر کے مکان کے چاروں کونوں میں دفن کر دیں۔ اور تھوڑا تھوڑا چھڑک دیں۔ مکان ہر خطرات سے حفاظت میں رہے گا۔

علم الاعداد لکی نمبر کی تلاش

تحریر
فیض احمد
(کالا شاہ کاکو)

معزز قارئین تحفہ روحانیات! دوستوں کی آسانی کیلئے لکی نمبر کا قاعدہ لکھ رہا ہوں جو کہ سو فیصد مجرب درست ہے، جس آدمی کا لکی نمبر معلوم کرنا ہو اس کے نام کے جو حرف ہیں الگ الگ لکھیں، بائیں سے دائیں نمبر شمار حرف لکھیں اب حروف کے اصل عدد شمار سے ضرب کرتے جائیں اور مجموعہ لکھتے جائیں ان کو جمع کر کے مفرد عدد بنالیں یہ عدد لکی نمبر ہوگا جو تمام زندگی اس شخص کی قسمت پر حاوی رہے گا۔

مثلاً فیض احمد

۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
ف	ی	ض	ا	ح	م	د
۸۰	۱۰	۸۰۰	۱	۸	۴۰	۴
X	X	X	X	X	X	X
۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱

	۵۶۰	۶۰	۴۰۰	۴	۲۴	۸۰	۴

5128 مجموعہ =4+80+24+4+400+60+560

5128 کو پھر جمع کیا 8+2+1+5= 16، اب 16 کو جمع کو کیا 6+1= 7۔ یہ فیض احمد کا لکی نمبر ہے۔

آپ کی سہولت کے لئے ابجد بمعہ اعداد لکھ رہا ہوں۔

ا	ب	ج	د	ھ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

خاصیت سورہ فاتحہ: کسی مصیبت، آفت یا بیماری وغیرہ کے لئے گیارہ ہزار مرتبہ صرف آیت کریمہ **اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْن** سات دن تک برابر پڑھنا اس فقیر کاتب الحروف کا بارہا کا مجرب ہے۔ ایسے بڑے بڑے فوجداری کے مقدمہ اس آیت کریمہ کی برکت سے خاص اس فقیر اور فقیر کے دوست احباب کے خدا نے فتح کیے کہ جن کی نظیر شاید برصغیر میں موجود نہ ہوگی۔ اگر کسی کام میں باہم رائیں مختلف ہوں اور کسی کی رائے کو ترجیح نہ ہوتی ہو، ضرورت مند شخص رات کو دو ہزار دفعہ صرف آیت کریمہ **اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْن ۝** پڑھ کر سو رہے، انشاءاللہ تعالیٰ کو بہتر رائے، سیدھی اور سچی رائے خیال میں آئے گی اور سیدھا راستہ نظر آجائیگا۔ **رضوان احمد (لاہور)**

فضائل اسمائے حسنیٰ

تحریر:۔ صوفی مشتاق احمد چشتی صابری (لاہور)

خلوت نام ہے اندھے پن کا جسے اسرار الف سے دور کیا جاتا ہے جیسا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو عماء تاریکی میں پھر فضا میں پیدا کیا اور فضا اصل میں عالم اشیاء ہے بعض عارفین نے کہا کہ لام دراصل اسرار تا اسرار ہے اور ایک راز ہے بعض کہتے ہیں کہ الف لام کے درمیان راز کا ایک راز پوشیدہ ہے۔ ان امور پر غور کیا جائے تو اول و آخر اور ظاہر و باطن سب معلوم ہو جائیں گے۔

فضاء کیا ھے؟

اپنے تقدیم توحید کے باعث فضاء باطنی اسم اعظم ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے کہا ہے کہ **هُوَ اللّٰهُ الْحَيُّ** اور قبل ازیں بیان کیا جا چکا ہے کہ الف دراصل توحید باطن کی طرف اشارہ ہے یعنی توحید اول آخر سے متصل ہے۔
جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں ارشاد فرمایا ہے **هُوَ الْأَوَّلُ وَالْآخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ** ان امور میں ایک راز یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے باطن کو محل حرارت بنایا ہے جس میں سے حرارت شوق اللہ تعالیٰ کی جانب پڑتی ہے، اور اسی حرارت سے لوگوں کی طبیعت میں حرارت پائی جاتی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ نے ہی ان تمام حرارتوں کو معتدل رکھنے کے لئے اپنا رحم و کرم عام فرما ہے، عارفوں کے ''ھوھو'' کہنے کا مطلب ہے کہ جلا ڈالنے والی حرارت جسم انسانی سے نکل کر روح کی حیثیت سے ہوا بن جاتی ہے۔ واضح ہوا کہ ظاہر میں ٹھنڈک اور باطن میں حرارت ہے۔ **الا اللہ** میں الف زیادہ کا ایک راز ہے۔ جو باطن میں **ھو** اور ظاہر میں الف توحیدی ہے اور حرف واؤ جو ہونٹوں سے نکلتی ہے اسی لئے آخر میں حکم الٰہی **ھواللہ** یہ توحید ذاتی ہے جو توحید موجودات پر بشمول توحید معلومات کے مقدم ہے۔
جیسا کہ فرمایا: **وَهُوَ مَعَكُمْ أَيْنَ مَا كُنتُمْ** اور احکام مشیت الٰہی بلحاظ باطنی معنی کے مقدم اول ہیں جس کی دلیل اس کا فرمان **هُوَ الْأَوَّلُ وَالْآخِرُ** ہے جو ظاہر کا باطن اور باطن کا ہے۔ واضح ہوا حرف ھا لطائف حیات کی حامل ہے اس لئے سانس سینہ میں رہ کر روح حیات کو آسائش پہنچاتی ہے اور قاعدہ کلیہ بھی یہی ہے کہ ہوا فرحت افزاء ہوتی ہے اس مضمون پر خوب غور کرو اللہ تعالیٰ توفیق دینے والا ہے۔

معنی ھو:

داخلی وخارجی طور پر حقیقت یقین کی ہیبت کا نام ھو ہے جس کی وجہ سے قوت گویائی ملتی ہے جب سانس اندر آتی ہے تو باطن گویا ہوتا ہے اس لئے ہوا پھیلتی ہے ہوا داخل ہوتے وقت کمٹی رہتی ہے اور نکلتے وقت پھیلتی ہے۔ حرف **ھا** نفس حیات سے باہر اور حرف واؤ احتراق حرارت سے باز رہتا ہے دراصل واؤ جو سر حیات ہے یہ حرارت کو ٹھنڈا کر دیتا ہے اور ھا جس نے سر حیات کو قبول کیا ہے یہ اسرار امداد الٰہی کی وجہ حیات سے متصل ہو جاتا ہے اور یہ سلسلہ موت تک جاری رہتا ہے جہاں فیض و کشا کے احکام کو عملی جامہ پہنایا جاتا ہے، اور انسان اللہ تعالیٰ کے حضور واپس ہو جاتا ہے۔ اس مضمون پر خوب غور کرو گے تو تمام موجودات کو اللہ کی ملکیت کو دیکھ لو گے۔

اسم بزرگ اللہ:

رب کعبہ کا عظیم الشان اسم ہے اس کے لئے خلوت و پنجوقتہ نماز اور 44 دن کی ریاضت درکار ہے یہ اسم ہر نماز کے بعد 44 مرتبہ خلوت میں پڑھا جائے اور خلوت میں مجاہدہ نفس ترک قبائح کرنا چاہئے تاکہ قلب عالم ملکوت کی طرف راغب ہو جائے، خلوت میں اولاً دل سے اللہ دائم یہاں تک ذکر کیا جائے کہ حال غالب آجائے اور تن من دھن کا خیال نہ رہے اس وقت ذاکر کی ہمت بلند و مضبوط ہوگی اور ایک دروازہ کھلے گا جس میں سے دنیا فرشتے ارواح انبیاء وصلحا سب نظر آئیں گے اور ایک موکل خواب میں آئے گا اس پہلی خلوت میں ذاکر کو ذاکرین کا مرتبہ حقائق اسماء الٰہی کا علم مل جاتا ہے۔

برائے حاجت

کسی بھی قسم کی حاجت درپیش ہو، چاہے رزق کی تنگی ہو یا مالی مشکلات، یا بیروزگاری یا بیٹیوں کے رشتوں کی وجہ سے پریشانی، بے اولادی ہو یا جادو ٹونہ، کالاعلم غرض کسی بھی مقصد کے لئے سورہ مزمل کو اس طرح پڑھا جائے کہ اوّل درود مزمل گیارہ بار آیت اول سے قبل **بعظمتك** بوسیلہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم **بحق یا ایھا المزمل** الخ پڑھیں۔ مدت عمل 21 یوم تعداد 21 بار روزانہ ہے۔

روحانی مندرجات

تحریر:۔ایاز اشرف سیال (چکوال)

میں نے استاد محترم سے ایک اور عرض کی تو آپ نے حضرت غوث گوالیاریؒ کا ایک واقعہ سنایا کہ جب آپؒ طویل چلہ کشی کر چکے تو اللہ نے فرمایا! اب آپؒ اور کیا چاہتے ہیں؟ ہم نے تو سب کچھ آپ کے مسخر کر دیا ہے تو آپؒ نے دعا کی' یا اللہ! اگر کوئی خالص تیری رضا کیلئے چلہ کشی کرے تو آپ اس کو معاش فکر سے آزاد کر دینا تا کہ وہ کامل یکسوئی سے تیری رضا حاصل کر لے تو اللہ پاک نے ان کی یہ دعا قبول فرمائی ۔اس کے بعد جو بھی شخص خلوص نیت سے رضائے الٰہی کے لیے چلہ کشی کرتا ہے اس سے تنگی معاش اُٹھالی جاتی ہے۔

حضرت شاہ رکن عالمؒ کے دربار پر بیٹھے ہوئے مجھے میرے استاد محترم محمد ایاز مزمل حسین شاہ سے بہت سارے دینی و دنیاوی علوم سے آگاہی ہوئی۔ میں نے عرض کی کہ میں جو گیارہ چلوں سے لگاتار تلاوت مبارکہ کا ثواب باباجیؒ (حضرت شاہ رکن عالمؒ) کو ایصال کر رہا ہوں اور ان کی طرف سے عمرہ بھی ادا کیا تو کیا یہ سب کچھ ان کے علم میں ہوگا تو آپ نے فرمایا اللہ کی نورانیت کی وجہ سے بالکل ان کے علم میں ہے بلکہ جس دن آپ نے پہلی مرتبہ حاضری دے کر ان کو اپنی تلاوت ایصال کی تھی اسی دن سے آپ صاحب دربار کی نظر خاص میں ہیں۔

جب دربارہ عالیہ میں داخل ہونے لگے تو استاد محترم نے گلاب کے پھولوں کی پتیاں خرید کر مجھے دیں اور فرمایا کہ دربار کا یہ اصول ہمیشہ یاد رکھنا کہ کچھ نہ کچھ لے کر جاؤ۔ اگر خالی ہاتھ جاؤ گے تو خالی ہاتھ ہی آنا پڑے گا۔ پھولوں کا تحفہ دینے کے بعد استاد محترم نے نہایت ادب واحترام سے صاحب مزار کو سلام عرض کرنے کا طریقہ مجھ کو سکھلایا پھر داہنی جانب ایک نشست قائم فرمائی اور مراقبہ میں چلے گئے اور میں اپنی پڑھائی کرنے لگا۔اس وقت کی لذت میں لفظوں میں بیان نہیں کر سکتا۔جس وقت میرے دائیں طرف میرے استاد محترم ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب تشریف فرما تھے۔میرے پیر ومرشد شفقت وکرم کی نگاہ سے مجھے دیکھ رہے تھے اور اللہ کی رحمت ونور ہم پر برس رہا تھا۔ پڑھائی کے بعد استاد محترم نے اجازت ورخصت کا بھی طریقہ سکھلایا اور باہر نکل کر مجھے مبارکباد دی کہ روحانی دنیا میں باباجیؒ نے آپ کے ماتھے پر بوسہ دیا تھا اور آپ کی پیٹھ تھپتھپائی تھی جب آپ اندر آئے تھے اور مجھ سے فرمایا کہ اس کو اپنی سرپرستی میں یونہی تعلیم دیتے رہو اور اس کو کہنا کہ کبھی بھی روحانی وظائف واوراد ترک نہ کرے اس خوشی ومسرت کو لفظوں میں قید کرنے کیلئے میرے پاس وہ الفاظ ہی نہیں۔

دن بدن ماورائی قوتوں کیساتھ میرا تعلق گہرا ہوتا جارہا تھا ایک دفعہ ایسا محسوس ہوا کہ بالکل سیاہ تاریکی میں چلا جا رہا ہوں اور دیکھتا ہوں کہ سڑک کے کنارے ایک بہت قد آور کتا کھڑا ہے۔میں اسے بچ کر نکلنے کی بہت کوشش کرتا ہوں مگر اس کی رفتار مجھ سے زیادہ تھی قریب ہی تھا کہ وہ میری سواری روکنے کیلئے میرا داہنا ہاتھ اپنے نوکیلے دانتوں سے کاٹ لیتا مگر وہ میرا ہاتھ چاٹنے لگا جو کہ اس بات کا اشارہ تھا کہ ہم آپ کے دوست ہیں ہم آپ کو کوئی نقصان نہیں پہنچانا چاہتے بلکہ دوستی کرنا چاہتے ہیں ہمیں دیکھ کر گھبرائیں نہیں۔

دوران اعتکاف میں نے سنت کے مطابق داڑھی رکھنے، اللہ کے راستے میں چار ماہ دین اسلام کی تبلیغ کرنے، محمد ﷺ کو سوالاکھ درود مزمل کا تحفہ بھیجنے اور پنجتن پاکؑ اور اپنے پیر ومرشد کو گیارہ گیارہ سو بار سورۃ مزمل کی تلاوت کا تحفہ خاص ایصال کرنے کا ارادہ کر لیا تھا۔ جن پر اللہ نے اپنی رحمت سے بہت جلد عمل پیرا ہونے کی استطاعت نصیب فرمائی۔ جب نبی کریم کو گیارہ سو بار سورۃ مزمل کی تلاوت کا تحفہ ایصال کرنے کیلئے عمل شروع کیا تو پہلی ہی رات میرا جسم ہوا میں اڑتا رہا۔ کبھی ایک پل کیلئے ایسا لگتا کہ میں اپنے بستر پر ہوں ورنہ پوری ہی رات میرا جسم اللہ کی نور کی تجلیات سے جلتا رہا اور دوسری رات تو میرے داہنے ہاتھ کی انگلی کے ناخن پر مہندی لگائی گئی جو کہ روحانی ترقی کی علامت تھی میرے ایک بہت ہی قریبی دوست ایک مرتبہ اعتکاف بیٹھے ہوئے تھے تو ان کے ہاتھ پر روحانیات نے مہندی لگادی تھی اور جب انہوں نے مجھ سے اس بات کا ذکر کیا تو میرے من میں خیال آیا کہ مجھ میں تو روحانی قوتیں ان سے زیادہ ہیں میرے ساتھ ان سے کچھ زیادہ ہوگا تو یقین جانئیں دوران اعتکاف ہی میرے داہنے ہاتھ کی ہتھیلی میں دو عدد کالے تل بن گئے تھے۔ اللہ نے اپنی رحمت سے مہندی بھی لگوادی اور ایسی نشانی عطا کر دی جو کہ پوری زندگی میرے ساتھ رہ کر مجھے میرا پہلا اعتکاف یاد دلاتی رہے گی۔ سبحان اللہ۔

آسان نسخے

تحریر
محمد افلاطون (چشتیاں)

سفوف ٹھنڈک: مندرجہ بالا شربت کے ساتھ یہ سفوف گرمی کی شدت، جگر و معدہ اور ہر قسم کی گرمی کیلئے قارئین "تحفہ روحانیات" کیلئے ایک تحفہ ہے جو مجھے حکیم حافظ غلام رسول کھیر والا لڈن ضلع وہاڑی سے ملا ہے۔ قارئین (حکیم صاحب میرے ماموں ہیں، اس لئے بلا مشقت یہ نسخہ حاصل کیا) یہ قیمتی نسخہ ہے اور برسوں سے لوگوں کو استعمال کروا رہا ہوں۔

سمندری سوکھ، بیج بند، الائچی، خورد طباشیر نقرہ تمام اشیاء ہم وزن لیں، پہلے والی دو چیزیں صاف کرلیں تاکہ مٹی پتھر شامل نہ ہوں، پھر کوٹ کر باریک سفوف بنالیں صبح نہار منہ اور شام کو ایک چمچ شربت کے ساتھ کسی بھی شربت یا پانی میں چینی گھول کر تین وقت استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ سفوف معدہ، جگر کو طاقت دیتا ہے، چہرے کی رنگت نکھارتا ہے اور ہر قسم کی گرمی کے لئے مفید ہے۔

بازاری کشتہ فولاد: ہیرا کسیس اور میٹھا سوڈا دونوں ہم وزن لے کر باریک پیس لیں۔ علیحدہ علیحدہ برتن میں ڈال دیں، دونوں کو پانی میں ڈال کر خوب اچھی طرح ہلاتے رہیں اور مٹی کے کھلے برتن میں دونوں برابر ڈالتے رہیں اور برابر ہلاتے رہیں جب دونوں چیزیں ایک برتن میں ڈالیں گے تو ان میں خوب جنگ ہوگی اور پانی کی رنگت مٹی کی مانند تبدیل ہوجائے گی۔ دونوں برتن والے پانی کو ہلاتے رہیں اور مٹی کے برتن میں دونوں برابر مقدار میں ڈالتے رہیں، مٹی والے برتن میں جو مرکب ہوگا اس کو اس وقت تک ہلاتے رہیں جب تک اس میں شور وغل کی آواز آتی رہے۔ جب آواز آنا بند ہوجائے تو تھوڑی دیر کے لئے ہلانا بند کردیں اور اوپر والا پانی نتھار کر گرادیں اور اس میں تازہ پانی ڈال دیں پانچ یا سات مرتبہ پانی تبدیل کریں جو مرکب تہہ میں نیچے بیٹھا ہے۔ اس کو دھوپ میں خشک کرلیں۔ سرخ رنگ کا ایک سفوف برآمد ہوگا۔ (نوٹ: دونوں چیزیں تھوڑی تھوڑی مقدار میں لے کر تجربہ کریں اور ہلانے کیلئے لکڑی یا چمچہ استعمال کریں۔ آخر میں انار کا پانی لے کر مٹی کے برتن میں آگ دیں یا دھوپ میں خشک کریں، بازاری کشتہ تیار ہے۔ ایک رتی مکھن کے ساتھ استعمال کریں۔

گل رس ہیئر آئل: بالوں کو لمبا اور چمکدار بنانے والا لاجواب تیل، یہ تیل قیام پاکستان سے پہلے کا مشہورہ ہے اور قاسمی دواخانہ ہارون آباد کا مشہور تیل "گل رس ہیئر آئل" کے نام جانا جاتا ہے۔ یہ تیل بالوں کو گرنے سے روکتا ہے ان میں قدرتی چمک پیدا ہوتی ہے۔ خالص سرسوں کا تیل ایک سیر، خشک آملہ ایک چھٹانک، بلیلہ (بہڑہ) 2 عدد، چھوٹی ہرڑ چار عدد، بڑی ہرڑ 2 عدد، رتن جوت 2 تولہ، بال چھڑ ایک تولہ، چھڑ چھڑیلہ ایک تولہ، ناگر موتھا ایک تولہ، برادہ صندل ایک تولہ، طباشیر آدھا تولہ، لونگ 11 عدد، الائچی خورد چار عدد، الائچی کلاں چار عدد، مہندی کے پتے 2 تولہ، بیری کے پتے 2 تولہ، کچور ایک تولہ، لسوڑے 4 عدد، کوٹنے والی اشیاء کو کوٹ کر تمام اجزاء کو 2 سیر پانی میں ڈال کر 24 گھنٹے تک بھگو کر رکھیں۔ پھر آگ پر پکائیں جب ایک سیر باقی رہ جائے تو چھان کر تیل ملا کر پکائے۔ جب تمام پانی خشک ہوجائے تو ٹھنڈا ہونے پر بوتل میں بھرلیں۔

سانپ کے کاٹے کا علاج:

سانپ جس جگہ کاٹے اس سے دو انچ (تقریباً چار انگل) اوپر کسی رسی یا ڈوری وغیرہ سے فوراً کس کر بند لگائیں اور پھر اس بند سے چار پانچ انچ اوپر ایک یا دو بند اور لگائیں ان بندوں کے لگانے سے خون کی رگوں پر دباؤ پڑے گا اور زہر چڑھنے سے رک جائے گا۔ (واضح رہے کہ جو بند باندھا جائے وہ آدھ گھنٹے سے زیادہ نہ بندھا رہے، ورنہ عضو کے مردہ ہونے کا خدشہ ہوتا ہے۔ جراح سے قبل تیز دھار کو آگ پر خوب سرخ گرم کرلیں۔

جب بند لگا چکیں تو کاٹی ہوئی جگہ (جس جگہ سانپ نے کاٹا ہو) کسی تیز چاقو، استرے یا بلیڈ سے چیر دیں اور اس میں ایک چٹکی پرمینگنیٹ آف پوٹاش بھر دیں اور اس کو انگلی یا چاقو کی نوک سے مل کر اوپر پٹی باندھ دیں لیکن اگر پرمینگنیٹ آف پوٹاش موجود نہ ہو تو اس زخم میں گرم پانی کی دھار ڈالیں یا اس جگہ سینگھی لگوا کر خون نکلوا دیں۔ خون کے ساتھ زہر بھی نکل جائے گا۔

اگر وقت پر ان میں سے کسی چیز کا انتظام نہ ہوسکے تو کاٹی ہوئی جگہ کو دہکتے ہوئے کوئلے سے داغ دیں یا لوہے کی سلاخ وغیرہ کو آگ میں تپا کر اس سے داغ دیں۔ اس کے لگانے سے بھی تمام زہر نکل جائے گا۔

بقیہ خوابوں کی تعبیر

پھر میں نے تلوار کو دوبارہ حرکت دی تو وہ پہلے سے بھی زیادہ مضبوط اور سالم تھی، اس کی تعبیر اللہ کی طرف سے فتح مکہ کی صورت میں اور مسلمانوں کے اجتماع سے ہوئی اور اسی خواب میں میں نے گائے کو بھی دیکھا اور اللہ بہتر (ثواب عطا فرمانے والے) ہیں۔ اس کی تعبیر مسلمانوں کا غزوہ احد میں شہید ہونا تھا اور خیر سے مراد وہ بھلائی ہے جو اللہ نے اس کے بعد عطا کی اور سچائی کا ثواب وہ ہے جو ہمارے پاس اللہ نے غزوہ بدر کے بعد عطا کیا۔

(صحیح مسلم، کتاب الرویاء، ص529)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ مبارک میں مسیلمہ کذاب مدینہ آیا اور اس نے کہنا شروع کر دیا کہ اگر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے بعد حکومت میرے سپرد کر دیں تو میں ان کی اتباع کرتا ہوں اور وہ اپنی قوم کے کافی آدمیوں کے ہمراہ (مدینہ) آیا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کی طرف تشریف لائے اور آپ کے ساتھ ثابت بن قیس بن شماس بھی تھے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاتھ مبارک میں ایک لکڑی کا ٹکڑا تھا یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسیلمہ کے پاس ان کے ساتھیوں میں جا کر کھڑے ہو گئے اور فرمایا: اگر تو مجھ سے یہ لکڑی کا ٹکڑا بھی مانگے تو میں تیرے بارے میں اللہ کے حکم سے ہرگز تجاوز نہ کروں گا اور اگر تو نے (میری اتباع سے) پیٹھ پھیری تو اللہ تجھ کو قتل کرے گا اور میں تیرے بارے میں وہی گمان رکھتا ہوں جو مجھے تیرے بارے میں خواب میں دکھایا گیا ہے اور یہ ثابت ہیں جو تجھے میری طرف سے جواب دیں گے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس سے واپس تشریف لائے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قول کے بارے میں "تیرے بارے میں وہی گمان کرتا ہوں جو مجھے خواب میں دکھایا گیا" پوچھا تو مجھے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نے سوتے ہوئے دیکھا کہ میرے دونوں ہاتھوں میں سونے کے کنگن ہیں، جن سے مجھے فکر پیدا ہوگئی تو خواب میں ہی میری طرف وحی کی گئی کہ ان دونوں (کنگن) پر پھونک مارو۔ میں نے انہیں پھونکا تو وہ اُڑ گئے۔ میں نے ان کی تعبیر یہ کی کہ دو جھوٹے میرے بعد نکلیں گے۔ پس ان میں سے ایک عنسی صنعاء کا رہنے والا ہے اور دوسرا مسیلمہ یمامہ والا۔

(صحیح مسلم، کتاب الرویاء، ص529)

علاج بذریعہ گاجر

تحریر
حکیم سریندر رائے
(انڈیا)

کمزوری دماغ کا علاج:۔ اگر صبح کے وقت سات عدد مغز بادام کھا کر اوپر سے گاجروں کا پانی ۱۰ تولہ، دودھ گائے نصف سیر میں ملا کر نوش کریں تو اس سے دماغ کو تقویت ہوتی ہے۔

دردشقیقہ:۔ اگر گاجروں کے پتے گرم کر کے ان کا رس نکالیں اور اس کے چند قطرے ناک اور کان میں ڈالیں تو اس سے چھینکیں آ کر دردشقیقہ دفع ہوجاتا ہے۔

بلغمی کھانسی:۔ اگر گاجروں کو نچوڑے ہوئے پانی میں مصری ملا کر پکائیں اور بطور چٹنی بنا کر اس میں اس قدر مرچ سیاہ کا سفوف ملائیں تو اس کے کھانے سے بلغمی کھانسی کو فائدہ ہوگا بلغم بہ آسانی نکلنا شروع ہوجائے گا

پتھری کیلئے:۔ تخم گاجر، تخم شلغم ہم وزن لیں اور مولی کے اندر کھوکھلا کر کے اس میں بھر دیں پھر مولی کا منہ بند کر کے بھوبھل میں پکائیں جب بھرتہ ہو جائے تو بیجوں کو نکال کر خشک کر کے محفوظ رکھ لیں۔

فوائد:۔ یہ بیج بند شدہ پیشاب کو کھولتے ہیں پتھری کو گلا کر نکال دیتے ہیں۔

خوراک:۔ چھ ماشے سے نو ماشہ تک نوش فرمائیں۔

حیض کشاء:۔ تخم گاجر ایک تولہ کوٹ کر پانی میں جوش دیں اور صاف کر کے شکر سرخ ۱۳ تولہ ملا کر ایام حیض میں عورت کو استعمال کروائیں۔

فوائد:۔ اس سے حیض کھل کر آتا ہے اور تمام تکالیف رفع ہوجاتی ہیں۔

قوت باہ کیلئے:۔ عمدہ گاجریں لے کر اوپر سے چھیل لیں اور اندر سے گٹھلی نکال دیں پھر انہیں کدوکش کر لیں۔ یہ کدوکش گاجریں ایک کلو لے کر گائے کے ایک لیٹر دودھ میں پکائیں۔ جب اچھی طرح گل جائے اور دودھ خشک ہو جائے اتار کر رکھ دیں، کڑاہی میں گھی ڈیڑھ پاؤ ڈال کر گرم آگ پر پکائیں اور گاجروں کا مادہ اس میں بریاں کریں۔ یہاں تک کہ اچھی طرح سرخ ہو جائے اس میں آدھ کلو مصری ڈال کر اچھی طرح حل کریں اور ذیل کی ادویہ شامل کریں۔ مغز بادام شیریں ۵ تولہ، مغز پستہ ۵ تولہ، مغز اخروٹ ۲ تولے مغز چلغوزے ۲ تولہ، مغز ناریل ۵ تولہ، مغز پستہ ۲ تولہ، مغز خربوزہ ۲ تولہ حلوہ تیار ہے۔

فوائد:۔ منی کو زیادہ کرتا ہے قوت باہ کو بڑھاتا ہے خوراک ۵ تولہ سے ۷ تولہ تک ورق چاندی لپیٹ کر صبح کو کھائیں۔

کمزور بچوں کیلئے:۔ جن بچوں کی کمزوری کا سبب معلوم نہ ہو سکے تو گاجر کا رس ۴ ماشہ سے ایک تولہ تک، برابر گرم پانی ملا کر دن میں تین مرتبہ پلائیں ساتھ ہی اس کی ماں بھی گاجریں کھائے یا گاجر کا جوس پیئے اس عمل سے تھوڑے سے عرصے میں ماں اور بچے کی صحت نمایاں طور پر ترقی کرے گی۔ گاجر کا رس جن بچوں کو بلغمی شکایت کے بھی پلایا کرے ان کی صحت دوسرے بچوں کی نسبت زیادہ اچھی ہوگی۔

پیٹ کے کیڑے:۔ آدھ کلو گاجروں کا رس روزانہ پینے سے پیٹ کے کیڑے خارج ہو جاتے ہیں۔ یہی فائدہ صبح خالی پیٹ گاجریں لینے سے حاصل ہوتا ہے۔ جو لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ گاجریں ان کو ہضم نہ ہوگی تو وہ رس پی لیا کریں۔

امراض قلب:۔ چند گاجروں کو بھون کر ان کے اوپر کا چھلکا اور اندر کی گٹھلی نکال ڈالیں اور رات کو چینی کی پلیٹ میں رکھ کر شبنم میں رکھ دیں صبح اس میں گلاب اور مصری ملا کر کھائیں تو بہت فائدہ ہوتا ہے۔ درج بالا تمام نسخہ جات مجرب ہیں۔ آئندہ مزید نسخہ کے ساتھ حاضر ہوں گا۔

گم شدہ چیز مل جائے

اگر کوئی چیز کھو جائے اور کسی طرح نہ ملے تو "**بسم اللہ انا للہ وانا الیہ راجعون**" پڑھ لیں گم شدہ چیز فوراً مل جائے گی۔ اس کے علاوہ درود شریف کا کثرت سے ورد کرنے سے بھی گمشدہ اشیاء مل جاتی ہیں

قید سے رہائی

اگر کوئی شخص ناحق قید میں ہو اور وہ سورۃ طور باقاعدگی سے پڑھے تو جلد رہائی نصیب ہوگی۔ اور اگر سورہ مزمل کا اکتالیس روز ورد اکتالیس یوم کیا جائے تو بھی قید سے رہائی ہوجاتی ہے۔

روحانی علاج

تحریر: بابا صدف انبالوی (ملتان)

اولاد سے مایوسی

جس کو اولاد سے مایوسی ہو وہ دو انڈے جوش کر کے اور پوست دور کر کے ایک پر وَالسَّمَآءَ بَنَیْنٰهَا بِاَیْدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ اور دوسرے پر وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ o لکھے پھر پہلا بیضہ مرد اور دوسرا بیضہ عورت کھائے اسی طرح چالیس روز تک عمل کرے اور درمیان میں قربت بھی کرتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ استقرار حمل ہوگا۔

پوری سورہ واقعہ

حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص اس سورۃ کو رات کے وقت ایک مرتبہ پڑھ لے وہ کبھی بھوکا نہ رہے گا۔

چہرہ چمکے

جو کوئی اس آیت کریمہ کو بعد نماز کے گیارہ مرتبہ پڑھ کر انگلی پر دم کر کے پیشانی پر مل دے تو انشاء اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کا منہ چمکے گا۔

" اِنَّهٗ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِیْمُ "

فراخی رزق کیلئے

فراخی رزق کیلئے اور جس مہم میں چاہے اس کو پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ تنگ دستی دور ہو جائے گی اور مہم آسان ہو جائے گی۔

وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا o

شہید کا درجہ پائے

"وَاللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ـ"

اسم اعظم اس میں مخفی ہے جو کوئی صبح کے وقت سات مرتبہ پڑھے تو شام تک اس کے لیے فرشتے مغفرت کی دعا کریں اور اگر اس دن میں مرے تو شہید کا درجہ پائے گا اور اگر شام کو پڑھے تو صبح تک اس کے لئے فرشتے مغفرت کی دعا کریں اور جو اس شب کو مرے تو درجہ شہادت کا پائے گا۔

عذاب قبر سے محفوظ

جو شخص **سورہ ملک** (مکمل) اس سورت کو ہمیشہ پڑھے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ عذاب قبر سے محفوظ رہے گا۔

میاں بیوی میں ناراضگی دور

میاں بیوی میں ناراضگی دور کرنے کیلئے "اَلْوَدُوْدُ" جمالی ہے۔ اس کے عدد 20 ہیں۔ اگر میاں بیوی میں ناموافقت ہو اور خصومت پڑے۔ اس اسم کو ایک ہزار اور ایک بار طعام پر پڑھے اور جس جانب سے کہ ناموافقتی ہو اس کو دیں تاکہ وہ طعام کھایا جائے۔ اللہ نے چاہا تو ان دونوں میں اتفاق اور الفت ہو جائے گی۔

مردہ دل زندہ کرنے کیلئے

مردہ دل کو زندہ کرنے کے لئے "اَلْبَاعِثُ" کا ورد کرے۔ یہ جمالی ہے، عدد اس کے 537 ہیں جو کوئی چاہے کہ دل اس کا زندہ ہو سوتے وقت اپنے سینے پر ہاتھ رکھے اور اس اسم کو ایک سو ایک بار پڑھے، حق تعالیٰ اس سے مردہ دل کو زندہ فرمائے اور انوار و برکات نازل کرے گا۔

کام کی درستی کیلئے

"اَلْحَسِیْبُ" جمالی ہے، عدد اس کے 80 ہیں جو کوئی کسی چور یا حاسد یا ہمسایہ یا دشمن سے چشم زخم سے ڈرتا ہو ہر صبح و شام ایک ہفتہ تک ستر بار کہے "حَسْبِیَ اللّٰهُ الْحَسِیْبُ" مگر پنجشنبہ کے روز سے شروع کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ان کے شر سے نگاہ رکھے گا۔ ہنوز ہفتہ نہ گزرے گا کہ درستی کام کی ہو جائے گی۔